فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن

فاعلاتن مفاعیلن فاعلاتن مفاعیلن

مستفعلن فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن

مفعولات مستفعلن مفعولات مستفعلن

مستفعلن مفعولات مستفعلن مفعولات

فعولن فعولن فعولن فعولن

فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن مستفعلن

غزلیاتِ غالب کا عروضی تجزیہ

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن

فاعلاتن مفاعیلن فاعلاتن مفاعیلن

مستفعلن فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن

مفعولات مستفعلن مفعولات مستفعلن

مستفعلن مفعولات مستفعلن مفعولات

فعولن فعولن فعولن فعولن

فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن مستفعلن

مصنّفہ : صغیر النّساء بیگم

نام کتاب : ________ غزلیات غالب کا عروضی تجزیہ

مصنّف : ________ صغیر النساء بیگم

مرتّب : ________ ڈاکٹر محمد نور الدین سعید

تعلیم : ________ ادیب فاضل، منشی فاضل، مدراس یونیورسٹی

وطن : ________ بنگلور

کتابت : ________ وکیل الرحمٰن ملک، محمد طاہر قاسمی

تعداد : ________ 1000

طباعت : ________ یونائیٹڈ پریس نئی دہلی

قیمت : ________ /75 روپے

سن اشاعت : ________ ستمبر 1984ء

تقسیم کار : ________ مکتبہ جامعہ، جامعہ نگر، نئی دہلی

انجمن ترقی اُردو (ہند) اُردو گھر، راؤز ایونیو، نئی دہلی

ایجوکیشنل بک ہاؤس، شمشاد مارکیٹ، علی گڑھ

الیاس ٹریڈرز، شاہ علی بنڈا روڈ، حیدر آباد

اُردو لائبریری سنٹر، سٹی مارکیٹ، بنگلور

فہرست عنوانات

فہرست غزلیات

ب

ت

ج

چ

د

ر

ز

س

ش

ع

ف

ک

گ

ل

م

ن

و

ہ

ی

●

پیش لفظ

محترمہ صغیر النساء بیگم سے میں کبھی ملا نہیں ہوں لیکن ان کی دختر نیک اختر ڈاکٹر فہمیدہ بیگم،
ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو کی معرفت، "غزلیات غالب کا عروضی تجزیہ" کے کچھ حصے دیکھنے کا حسن اتفاق
ہوا۔ صغیر النساء بیگم چونکہ ڈاکٹر فہمیدہ بیگم کی والدہ ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ بزرگ خاتون
ہوں گی لیکن اس بزرگی کے باوجود انھیں پڑھنے لکھنے اور جم کر کام کرنے کا شوق ہے۔ اگلے وقتوں
میں بعض سر پھرے مرد تو عروض بازی کے رسیا ہوتے تھے لیکن خواتین اس دشت ظلمات میں
کبھی بادیہ پیمائی کرتے ہیں۔ مصنفہ کے فرزند ارجمند ڈاکٹر محمد نور الدین سعید، استاد اردو گورنمنٹ
کالج بنگلور نے "حضرت خواجہ بندہ نواز سے منسوب دکنی رسائل" کے عنوان سے تحقیقی مقالہ لکھا
اور میسور یونی ورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری لی۔ میں نے ان سے مقالہ منگا کر دیکھا اور استفادہ
کیا۔ اس میں انھوں نے بدلائل ثابت کیا ہے کہ خواجہ بندہ نواز نے اردو میں کوئی نثری رسالہ
نہیں لکھا۔ مجھے اس سے اتفاق ہے لیکن آپ کہیں گے کہ غالب اور عروض کے سلسلے میں خواجہ
صاحب کے دکنی رسائل کہاں سے آٹپکے۔ درست فرمایا۔ میرے کہنے کا مدعا محض یہ ہے کہ ایں خانہ
تمام آفتاب است یعنی صغیر النساء بیگم صاحبہ کے گھر میں سنجیدہ علمی ماحول ہے۔

مجھ جیسے نہایت نحس اور بے رس آدمی نے ایک بار اقبال کے اردو کلام کا عروضی مطالعہ کیا
جو کسی جگہ شائع ہوا۔ ڈاکٹر فہمیدہ بیگم راوی ہیں کہ مادر مہربان نے اسے پسند کیا اور ستائش کی۔
مجھے وہم ہوتا ہے کہ اسی مضمون کو دیکھ کر آں محترمہ کو خیال آیا ہوگا کہ غالب کی غزلیات کی تقطیع
کر دی جائے۔ انھوں نے غزل کے پہلے مصرع یا پہلے شعر کا وزن لکھنے پر اکتفا نہیں کی بلکہ تمام غزلیات
کے ہر مصرع کا وزن لکھ دیا۔ اس طرح گویا پوری غزلیات غالب کا مجموعہ شائع کر دیا۔ غزل کے
وزن کی نشاندہی مفید ہو سکتی ہے لیکن ہر مصرع کی تقطیع کرنا میرے نزدیک کار زائد ہے۔ اتنی
محنت، وقت، کاغذ اور زر کے صرفے کی کیا ضرورت تھی۔ بہر حال وہ اگر تفصیل سے محنت کرنے
کی قائل ہیں تو میں اعتراض کرنے والا کون؟ میں تو زیادہ سے زیادہ یہ مطالبہ کر سکتا ہوں کہ وہ
مقدمے میں نشاندہی کر دیں کہ انھوں نے دیوانِ غالب کے کس نسخے کو پیش نظر رکھا ہے کیونکہ

مختلف ایڈیشنوں میں بعض الفاظ میں تھوڑا سا اختلاف ملتا ہے۔

اردو کے مشہور شعراء کے کلام میں سب سے ٹیڑھا وزن غالب کی ذیل کی غزل میں ملتا ہے

آ کہ مری جان کو قرار نہیں ہے

جو شخص عروض میں بالکل گنا اور رچا نہ ہو وہ اس غزل کا وزن نہیں بھانپ سکتا ہے۔ میں
نے بعض مدعیان عروض دانی سے اس غزل کا وزن پوچھ کر انھیں مات دی ہے۔ اس غزل کا
وزن بحر منسرح میں ہے۔

مفتعلن فاعلات مفتعلن فع (یا فاع)

یہ اردو کے مشہور وزن مفتعلن فاعلات مفتعلن فاعلات کا قصر ہے۔ اسی سے ملتا جلتا
بحر بسیط مطوی کا وزن مفتعلن فاعلن مفتعلن فاعلن ہے۔ بسیط میں تحدید یہ ہے کہ فاعلن کی
جگہ فاعلات نہیں آسکتا جب کہ منسرح میں جائز ہے۔ غالب نے مختصر کیے ہوئے وزن کو گھر
سے استعمال نہیں کیا۔ میری رائے میں تو چوپٹ کر دیا ہے۔ میں فاعلات کے بعد وقفہ پسند کرتا
دیکھیے انشا نے ایسا کر کے وزن کو نہ صرف قابل فہم بلکہ مترنم بنا دیا۔

کوئی نہیں آس پاس خوف نہیں کچھ ہوتے ہو کیوں بے حواس خوف نہیں کچھ

اگر کوئی دوسرے رکن فاعلات کی ت کو متحرک کر کے اگلے رکن کے شروع میں ملا دے تو
جائز ہے۔ فارسی میں اس کی مثالیں ملتی ہیں لیکن اردو کی حد تک میں اسے پھوہڑ پن کہوں گا
غالب نے کتاب دیکھ لی، ترنم کا تقاضا نظر انداز، بلکہ گوش انداز کر دیا۔ محبوب
سے خطاب اور اس وزن میں، معلوم ہوتا ہے کہ کوئی درس نظامی سے فارغ التحصیل
ادھیڑ عمر کا فرنگی محلی مولوی اپنی محبوبہ کو بلا رہا ہے۔

آ کہ مری جان کو قرار نہیں ہے

کوئی کھلنڈرا تو محبوبہ کو اس معیار الاشعاری وزن میں پر چائے گا نہیں۔ بہر حال یہ
یہ دیکھ کر پھڑک اٹھا کہ صغیر النساء صاحبہ نے اس کا واک وزن کو صحیح صحیح طریقے حل کر دیا۔

بحر مجتث کا مشہور وزن ہے

مفاعلن فعلاتن مفاعلن فَعِلُن

اس کا طویل تر وزن ہے مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلاتن لیکن اردو میں عام طور

مستعمل نہیں۔ غالب کی دو غزلیات اس وزن میں ہیں۔

عجب نشاط سے جلاد کے چلے ہیں ہم آگے

حذر کرو مرے دل سے کہ اس میں آگ دبی ہے

بحر الفصاحت میں نجم الغنی نے پہلی غزل کے ساتھ عجب ستم کیا ہے۔ انھوں نے اس کے تین شعر لکھ کر اسے بحر ہزج مثمن مقبوض سالم

مفاعلن مفاعیلن مفاعلن مفاعیلن

سے ناپ دیا اس کے آگے لکھتے ہیں

اس کی تقطیع بحر مجتث مخبون میں بھی ہو سکتی ہے۔

میں عرض کرتا ہوں کہ ان کی تقطیع صرف بحر مجتث مخبون میں ہونی چاہیے ان کے منقول میں تینوں شعروں کی تقطیع دونوں اوزان میں ممکن ہے لیکن انھیں پوری غزل دیکھنی چاہیے تھی۔ ذیل کے تین مصرعوں کے بارے میں وہ کیا کہیں گے۔

وگرنہ ہم بھی اٹھاتے تھے لذت ستم آگے

کہ اس کے در پہ پہنچتے ہیں نامہ برسے ہم آگے

یہ عمر بھر جو پریشانیاں اٹھائی ہیں ہم نے

ان مصرعوں کی تقطیع کب بحر ہزج کے وزن مفاعلن مفاعیلن مفاعلن مفاعیلن میں ہو سکتی ہے۔ دوسرے رکن مفاعیلن کا تقاضا کہاں پورا ہوتا ہے یہاں مجتث کا فعلاتن ہی آسکتا ہے۔ کسی نظم یا غزل کا وزن اس کے دو چار مصرعوں کو دیکھ کر متعین نہیں کیا جا سکتا بلکہ تمام مصرعوں کو ملحوظ کر کے ایسا وزن دریافت کرنا ہوتا ہے جس پر ہر مصرع تولا جا سکے اس طرح یہ غزل بحر مجتث ہی میں ہے، ہزج میں نہیں۔ فاضل مصنف نے بھی یہی فیصلہ کیا ہے۔

انھوں نے مختلف غزلوں کی تقطیع میں یہ دو وزن لکھے ہیں۔

عـ۱ بحر الفصاحت ص ۱۸۴ راجہ رام کی بکڈپو لکھنؤ سنہ ندارد

مفعول فاعلات مفاعیل فاعلان

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان

ان دونوں کے آخری رکن کو فاعلان کیوں کیا جائے، فاعلات کیوں نہیں۔ سالم وزن کا آخری رکن فاعلاتن ہے اس سے فاعلات اخذ کرنا سامنے کی بات ہے ظاہراً صغیر النساء صاحبہ نے بحر الفصاحت کو سامنے رکھا ہے جس میں دونوں اوزان کا آخری رکن فاعلان لکھا ہے لیکن میرے سامنے عروض کی چند دوسری کتابیں ہیں یعنی قواعد العروض از قدر بلگرامی، چراغ سخن از یاس یگانہ اور جوہر العروض از جوہر مرادآبادی۔ ان تینوں میں آخری رکن "فاعلات" لکھا ہے۔ ان میں اول الذکر دونوں کتابیں مستند ہیں اس طرح میری رائے میں فاعلات ہی مرجح ہے۔ روم کے مولوی صاحب نے بھی تو کہا تھا۔

من نہ دانم فاعلاتن فاعلات

ختم کلام پر میں کہوں گا کہ جناب مصنفہ عروض میں کامل اور طاق ہیں۔ انھوں نے غالب کی جملہ غزلوں کی تقطیع کر کے عروض میں تھوڑا دخل رکھنے والوں کو سہولت فراہم کی ہے ہو سکتا ہے وہ اسے پڑھ کر اور مصرعوں کی تقطیع پر انگلی پھیر کر عروض میں اور زیادہ درک و دخل پا جائیں۔ یہی اس کتاب کی افادیت ہے۔

حیدرآباد — دستخط

۵/ مئی ۱۹۸۴ء — گیان چند

کتاب کے بارے میں

فن عروض کا حاصل کرنا آسان بھی ہے اور مشکل بھی۔ آسان اس معنی میں کہ اس کی بنیاد زبان کے فطری اصولوں پر ہے اور مشکل اس معنی میں کہ اس میں کئی باریکیاں اور نزاکتیں ہیں جن پر دسترس حاصل کرنے کے لیے مشق اور مناسبت دونوں درکار ہیں۔ گذشتہ چند برسوں سے عروض کی مرکزی اہمیت اور فن شاعری سے اس کے تعلق کے بارے میں احساس عام ہو چلا ہے۔ یہ صورتِ حال بہت خوش آئند ہے، کیونکہ مغربی تعلیم اور بعض غلط ادبی نظریات کے زیرِ اثر ہم لوگ یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ ہمارا عروض از کار رفتہ اور غیر ضروری ہے۔ اس غلط فہمی نے شاعری اور شاعروں دونوں کو نقصان پہنچایا۔ ہمارے کلاسیکی شعرا کی بہت سی خوبیاں اس لیے پردۂ خفا میں رہ گئیں کہ ہم لوگ ان کے کلام کا عروضی تجزیہ کرنے سے قاصر تھے۔ اس پس منظر میں دیکھیں تو جناب صغیر النساء بیگم کی زیرِ نظر تصنیف غیر معمولی اہمیت کی حامل نظر آتی ہے۔ غالب ہمارے سب سے بڑے شاعر ہیں، اور ان کے فن و فکر دونوں نے ان کے بعد تمام نسلوں کو متاثر کیا ہے۔ لہٰذا غالب کی غزلوں کا عروضی تجزیہ ایک ایسی ضروری کارگذاری تھی جس کو انجام دینے کے لیے جناب صغیر النساء بیگم ہم سب کے شکریے کی مستحق ہیں۔

جناب صغیر النساء بیگم کو عروض پر کامل دستگاہ ہے۔ انھوں نے غالب کے اشعار کی بحروں کے تعین کے سلسلے میں پوری مہارت کا ثبوت دیا ہے۔ ممکن ہے ان کی بعض رایوں اور فیصلوں سے ہم اتفاق نہ کریں لیکن اس میں کوئی کلام نہیں کہ ان رایوں اور فیصلوں کو بعض مستند اساتذہ کی پشت پناہی حاصل ہے۔ انھوں نے عروض کے اصولوں کو بڑی سختی سے برتا ہے اور ان تمام چیزوں کو اپنی توجہ کے دائرے میں منضبط کیا ہے جنھیں ہم آسانی کی خاطر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ تقطیع کرنے کا جو طریقہ انھوں نے اپنی کتاب میں بیان کیا ہے وہ کلاسیکی کتابوں میں بیان کیے ہوئے طریقوں کے علی الرغم خاصا آسان ہے۔

مجھے یقین ہے کہ اس کتاب کی پذیرائی علمی اور طالب علمانہ، دونوں حلقوں میں یکساں ہوگی۔

نئی دہلی ۲۰ ستمبر ۱۹۸۴ء

شمس الرحمٰن فاروقی

ڈاکٹر م۔ ن۔ سعید

فن عروض

چند بنیادی باتیں

عروض آہنگ شعر کے متعین کرنے کے نظام اور قواعد کا نام ہے۔ یہ فن وہ مسلمہ سانچے فراہم کرتا ہے جن پر ہر شعر کا آہنگ ڈھال کر موزوں بنایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ وہ کسوٹی ہے جس پر ہر شعر کے آہنگ کو پرکھا جاتا ہے۔

عروض شعر کا تیکنیکی معیار متعین کرتا ہے۔ جب تک شعر آہنگ کے اعتبار سے مسلمہ معیار پر پورا نہیں اترتا، تیکنیکی نقطۂ نظر سے اسے شعر تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ شعر میں بنیادی اہمیت لَے یا آہنگ کو حاصل ہے۔ یہی لَے یا آہنگ ہی شعر کی پہچان ہے اور اس کا امتیازی وصف و لازمہ بھی۔ یہی آہنگ اسے نثر سے ممتاز کرتا ہے اور شعر میں کہی ہوئی بات کی تاثیر کو دوچند کرتا ہے۔

کارکردگی کے اعتبار سے عروض اس طریقہ ہائے کار کا نظام ہے۔ جس کے ذریعہ شعر کا آہنگ دریافت کیا جاتا ہے۔ اور اس کی موزونیت و ناموزونیت کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ اس کی پہچان کے لیے ماہرینِ عروض نے نظامِ عروض کو ایسے ترازو سے تشبیہ دی ہے جس کے ایک پلڑے میں شعر اور دوسرے میں مقررہ اوزان رکھے گئے ہوں اگر دونوں میں پوری پوری مطابقت ہو تو شعر موزوں ہے۔ اگر اس کے خلاف ہو تو ناموزوں اور ساقطِ وزن ہے۔

بحر

ان خاص الفاظ کو کہتے ہیں، جن پر شعر کو تولا اور جانچا جاتا ہے کہ شعر کا وزن ٹھیک ہے یا نہیں۔ بحر کو وزن بھی کہتے ہیں۔

بحر جتنی اچھی ہوگی شعر میں اتنی ہی موسیقیت اور ترنم زیادہ ہوگا۔ مگر بعض بحروں میں یہ خوبی نہیں اس لیے وہ مقبول و مروج نہیں۔

ارکانِ بحر

بحر جن اجزا سے بنتی ہے، ان کو ارکان اور اس کے ہر حصہ کو رکن کہتے ہیں۔ ارکان کو افاعیل امثال اور اوزان بھی کہتے ہیں۔

بنیادی وزن فَعَلْ ہے۔ اس میں بعض حروف اضافہ کر کے دس اوزان وضع کیے گئے ہیں ان سب کو ملا کر ارکان افاعیل بھی کہتے ہیں۔ اور وہ یہ ہیں۔

	رکن	خانے	
۱	فعولن	فَ عُ وْ | لُ نْ	ان دونوں کو پانچ حرفی ارکان کہا جاتا ہے
۲	فاعلن	فَ اْ | عِ لُ نْ	
۳	مفاعیلن	مُ فَ اْ | عِ یْ | لُ نْ	ان آٹھ ارکان کو سات حرفی ارکان کہا جاتا ہے۔
۴	مفعولات	مَ فْ | عُ | وْ | لَ اْ تُ	
۵	فاعلاتن	فَ اْ | عِ لَ اْ | تُ نْ	
۶	فاع لاتن	فَ اْ عِ | لَ اْ | تُ نْ	
۷	مستفعلن	مُ سْ | تَ فْ | عِ لُ نْ	
۸	مس تفع لن	مُ سْ | تَ فْ عِ | لُ نْ	
۹	متفاعلن	مُ تَ | فَ اْ | عِ لُ نْ	
۱۰	مفاعلتن	مُ فَ اْ | عِ لَ | تُ نْ	

چونکہ چوکور خانوں میں اوزان کے حروف کو الگ الگ لکھا گیا ہے اس لیے اس کی وضاحت ضروری ہے۔

۱۔ چوکور خانوں کے ہر حرف پر کوئی نہ کوئی علامت ہے۔ جیسے

زَبر، زِیر، پیش، جزم

i۔ جن حروف پر زبر، زیر اور پیش ہے ان کو متحرک کہتے ہیں۔

ii۔ جن حروف پر جزم ہے ان کا نام ساکن ہے۔

۲۔ چوکور خانوں میں حروف کی تقسیم دو طریقوں سے کی گئی ہے۔

i۔ بعض خانوں میں دو حروف ہیں۔

ii۔ بعض خانوں میں تین حروف ہیں۔

i۔ دو حروف والے لفظ کو "سبب" کہتے ہیں۔

(الف) اگر کسی سبب میں پہلا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو تو اسے سبب خفیف کہتے ہیں جیسے

لُنْ۔ لُ نْ ، گُلْ۔ گُ۔ لْ

فَاْ۔ فَ اْ ، دَبْ۔ دَ بْ

(ب) اگر کسی سبب میں دونوں حروف متحرک ہوں تو اسے سبب ثقیل کہا جاتا ہے۔

متفا۔ مُ۔ تَ۔فَ اْ ، سرِرہ۔ سَ رِ رَہ

سبب ثقیل صرف ترکیب کے ساتھ آتا ہے۔

ii۔ تین حرفی لفظ کو "وتد" کہتے ہیں۔

(۱) اگر کسی وتد میں پہلے دو حرف متحرک اور تیسرا ساکن ہو تو اسے وتد مجموع کہا جاتا ہے۔ جیسے

فعو۔ فَ عُ۔ وْ ، قلم۔ قَ لَ مْ

علن۔ عِ لُ نْ ، جگر۔ جِ گَ رْ

(ب) اگر پہلا اور تیسرا حرف متحرک اور درمیانی حرف ساکن ہو تو اسے وتد مفروق کہتے ہیں جیسے

فاعلن۔ فَ اْ عِ لُ ن ذکرِ رب ذِ کْ رِ رَب

فاعلا۔ فَ اْ عِ لَ اْ جاہِ حب جَ اْ ہِ حَ ب

وتدِ مفروق کسی ترکیب یعنے اضافت سے جوڑے گئے دو الفاظ میں ہی آتا ہے۔

اوپر کی مثالوں سے چند باتیں سامنے آتی ہیں۔

(۱) وزن کے رکن میں جتنے حروف ہیں، مقابل دیے ہوئے لفظ میں بھی اتنے ہی حروف ہیں۔

(۲) ساکن حرف کے مقابل میں ساکن حرف ہی آیا ہے

(۳) متحرک حرف کے مقابل متحرک حرف ہی آیا ہے

خواہ زبر کے مقابل پیش آئے

یا

زیر کے مقابل زبر آئے

یا

پیش کے مقابل زبر آئے

لیکن ضروری ہے کہ متحرک حرف کے مقابل متحرک ہی آئے۔

بحریں

ایک شعر الفاظ کا خوش آہنگ مجموعہ ہوتا ہے۔ اوپر دیے ہوئے اوزان وہ ٹکڑے ہیں جن کو الگ چار چار کبھی تین تین جوڑنے سے یہ آہنگ حاصل ہوتا ہے۔ وزن کے ٹکڑوں کو الگ الگ ڈھنگ سے جوڑ کر ان کو الگ نام دیے گئے ہیں جنھیں بحریں کہا جاتا ہے۔ مثلاً

مفاعیلن کے چار چار ٹکڑے جوڑ کر دو حصے بنائے گئے ہیں۔

(۱) مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن (۲) مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن

غالب کا ایک شعر ہے سے

(۱) اسد بسمل ہے کس انداز کا قاتل سے کہتا ہے (۲) تو مشق ناز کر خون دو عالم میری گردن پر

غالب کا یہ شعر کھلی ہوئی شکل میں اس طرح آتا ہے

(۱) مَ فَ اَ عِ ی لُ نْ اَ سَ دْ بِ سْ مِ لْ اسد بسمل	مَ فَ اَ عِ ی لُ نْ ہَ کِ سْ اَ نْ دَا ہے کس اندا	مَ فَ اَ عِ ی لُ نْ زِ کَ اَ قَ اَ تِ لْ زکا قاتل	مَ فَ اَ عِ ی لُ نْ سَ کَ ہْ تَ اَ ہَے سے کہتا ہے
(۲) مَ فَ اَ عِ ی لُ نْ تُ مَ شْ قِ نَا تو مشق نا	مَ فَ اَ عِ ی لُ نْ زْ کَ رْ خُ نِ دُو زکر خونِ	مَ فَ اَ عِ ی لُ نْ دُ عَ اَ لَ مْ مِ ے دو عالم مے	مَ فَ اَ عِ ی لُ نْ رِ گَ رْ دَ نْ پَ رْ ری گردن پر

دوسرے الفاظ میں اوزان کا یہ مجموعہ

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

غالب کے ان الفاظ کے مجموعے یعنی

اسد بسمل ہے کس انداز کا قاتل سے کہتا ہے   تو مشق ناز کر خون دو عالم میری گردن پر

سے پوری پوری مطابقت رکھتا ہے۔

اوزان اور شعر کے الفاظ میں

(۱) متحرک حرف کے مقابل متحرک حرف آیا ہے۔

(۲) ساکن حرف کے مقابل ساکن حرف آیا ہے۔

(۳) شعر کے تمام الفاظ وزنوں کے آٹھ الفاظ میں برابر برابر تقسیم ہو گئے ہیں۔ اس لیے شعر موزوں ہے۔

اوپر کے شعر میں "مفاعیلن" آٹھ بار آیا ہے جب۔ کوئی اوزان آٹھ آٹھ بار یا چھ چھ بار خاص آہنگ پیدا کرتے ہیں تو سب کو ملا کر بحر کہتے ہیں۔

دیوان غالب میں کل نو بحریں استعمال ہوئی ہیں۔ ان کے نام حسب ذیل ہیں۔

بحر کا نام	وزن
بحر رمل۔	فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن ÷ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن
بحر ہزج۔	مفاعیلن۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن ÷ مفاعیلن۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن
بحر رجز۔	مستفعلن۔ مستفعلن۔ مستفعلن۔ مستفعلن ÷ مستفعلن۔ مستفعلن۔ مستفعلن۔ مستفعلن
بحر متقارب۔	فعولن۔ فعولن۔ فعولن۔ فعولن ÷ فعولن۔ فعولن۔ فعولن۔ فعولن
بحر مضارع۔	مفاعیلن۔ فاع لاتن مفاعیلن۔ فاع لاتن ÷ مفاعیلن۔ فاع لاتن مفاعیلن۔ فاع لاتن
بحر مجتث۔	مس تفع لن، فاعلاتن۔ مس تفع لن۔ فاعلاتن ÷ مس تفع لن۔ فاعلاتن۔ مس تفع لن۔ فاعلاتن۔
بحر مقتضب۔	مفعولات۔ مستفعلن۔ مفعولات۔ مستفعلن ÷ مفعولات۔ مستفعلن۔ مفعولات۔ مستفعلن
بحر منسرح	مستفعلن۔ مفعولات۔ مستفعلن۔ مفعولات ÷ مستفعلن۔ مفعولات۔ مستفعلن۔ مفعولات
بحر خفیف	فاعلاتن۔ مس تفع لن فاعلاتن ÷ فاعلاتن مس تفع لن۔ فاعلاتن۔

اوپر کی پہلی چار بحروں میں ایک ہی وزن آٹھ بار آیا ہے۔ ان بحروں کو جن میں ایک ہی وزن کی تکرار ہو مفرد بحر کہتے ہیں۔

پانچ سے لے کر آٹھویں بحر تک دو مختلف اوزان ساتھ ساتھ چار چار بار آئے ہیں۔ نویں بحر میں "فاعلاتن" چار بار اور مس تفع لن دو بار آیا ہے۔ جب کبھی بحر میں ایک سے زیادہ مختلف وزن ساتھ ساتھ آئیں تو ایسی بحر کو مرکب بحر کہتے ہیں۔ پانچ سے نو تک تمام بحریں مرکب بحریں ہیں۔

اگر کسی بحر میں آٹھ فقرے ہوں تو اسے مثمن کہتے ہیں۔ ایک تا آٹھ بحریں مثمن ہیں۔

کسی بحر میں چھ وزن ہوں تو ا ۔ مسدس کہتے ہیں۔ نویں بحر مسدس الاصل ہے۔

زحاف

اوپر بحروں کی جو شکلیں دی گئی ہیں وہ اصلی شکلیں ہیں۔ ان میں سے کسی ایک بحر کے آہنگ میں کوئی شعر کہا جائے تو کہتے ہیں کہ یہ شعر اس بحر میں کہا گیا ہے۔ مثلاً ؎

ہمہ ناامیدی ہمہ بدگمانی	میں دل ہوں فریب وفاخوردگاں کا
فعولن۔فعولن۔فعولن۔فعولن	فعولن۔فعولن۔ فعولن۔فعولن

یہ شعر بحر متقارب میں کہا گیا ہے اس میں وزن کی شکل "فعولن" اصلی حالت میں موجود ہے۔ یہ شعر سالم بحر میں ہے۔

کبھی کبھی شعر کا آہنگ ۔ سالم بحر سے پوری طرح مطابق نہیں ہوتا۔ جیسے اس شعر میں ؎

پلا ساقیا مجھ کو جام شراب	وہ پانی کہ ہو جس میں موتی کی آب
فعولن۔فعولن۔فعولن۔فعولن	فعولن۔فعولن۔ فعولن۔فعولن

اس شعر کے آہنگ میں مصرعوں کے آخری رکن فعولن کے "ن" کے لیے گنجائش ہی نہیں ہے اس طرح فعولن اپنی اصلی شکل کھو کر صرف "فعول" کی شکل میں باقی رہ گیا ہے۔ فعولن کی اس بدلی ہوئی شکل کو ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں کہ اس بحر میں "زحاف" آیا ہے۔ یعنی رکن کی اصلی شکل بدل گئی ہے۔ جس بحر میں وزن کی تبدیلی سے زحاف آیا ہو۔ اس بحر کو مزاحف بحر کہتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں رکن میں کسی قسم کی تبدیلی کو زحاف کہا جاتا ہے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ زحاف کی ضرورت کیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سالم بحریں محدود تعداد میں ہیں۔ شعر کے لیے جو مختلف آہنگ استعمال ہوتے ہیں اتنے زیادہ ہیں کہ صرف سالم بحروں میں سما نہیں سکتے۔ اس لیے بحر کو شعر کے آہنگ کے مطابق کرنے کے لیے اوزان میں تبدیلی کر لی جاتی ہے۔

اوزان میں تبدیلی من مانے طور پر نہیں کی جاتی۔ ارکان کی تبدیلی کے لیے چند قاعدے مقرر ہیں۔ ہر رکن میں جب کوئی خاص تبدیلی کی جاتی ہے تو اس تبدیلی کو ایک خاص نام بھی دیا جاتا ہے۔ اس کی تفصیل مصنف نے آگے دی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ مصنّف

میں نے غزلیات غالب کے عروضی تجزیے کا خاکہ ۱۹۴۱ء میں بنایا تھا بحروار غزلوں کو تقسیم کر لینے کے بعد صرف مصرع اول کی تقطیع کی تھی، مگر اس کی طباعت کی طرف توجہ نہ دی گئی، مسودہ یوں ہی پڑا رہا، ضرورت مند طالب العلم کبھی کبھی اس کے مطالعے سے فائدہ اٹھا لیتے اور خوش ہو جاتے۔ اپنی ملازمت سے سبک دوشی کے بعد خیال آیا کہ کیوں نہ غزلوں کے تمام اشعار کا عروضی تجزیہ کر دیا جائے، تاکہ طالب العلم اور فن عروض کے شائقین غزلوں کی بحروں کے ساتھ ساتھ اس کی مزاحف صورتوں سے بھی بھرپور واقفیت حاصل کر لیں، اور عہد جدید میں اس فن سے کسی حد تک جو بے اعتنائی برتی جا رہی ہے، ممکن ہے وہ دور ہو جائے۔

میرے دونوں بچوں ڈاکٹر فہمیدہ اور ڈاکٹر نورالدین سعید نے بھی اس خیال کی تائید کی لہٰذا میں نے یہ کام ۱۹۷۹ء میں مکمل کر لیا، اتفاق بات ہی سمجھیے کہ ادھر مسودہ مکمل ہو گیا، ادھر کرناٹک اردو اکیڈمی نے پہلی مرتبہ کرناٹک کے اردو ادیبوں اور شاعروں کی کتابوں کی اشاعت کے لیے مالی اعانت کا اشتہار نکالا میں نے مسودہ شامل کر دیا جیسے ہی کتاب کی منظوری اور مالی امداد کی اطلاع اکیڈمی کے ممبروں کو ہوئی، بعض فاضل اراکین نے اس کتاب کی اشاعت کے خلاف مہم سی شروع کر دی۔ میری بچی ڈاکٹر فہمیدہ بیگم صدر اکیڈمی پر اخباروں کے ذریعہ اقربا نوازی کے بیجا الزامات لگانے شروع کر دیے، ریاستی اکیڈمی جو علم و ادب کی پرورش گاہ ہوتی ہے، اس کے اس رویے نے

مجھے خاصہ دکھ پہنچایا۔

دوسرا اس سے زیادہ جان کاہ واقعہ یہ ہوا کہ اس ہنگامے کے دوران اکیڈمی کے ایک فاضل رکن اور سابق وزیر اس کتاب کا مسودہ بہ غرض مطالعہ یا بہ غرض تجسس دفتر سے لے گئے، پھر شب و روز یاد دہانی اور ان کے در پر جبہہ سائی کرنے کے باوجود مسودہ نہ لوٹایا۔ وہ مسودہ اب تک ان کی ملکیت بنا ہوا ہے، حج بیت اللہ کو جانے سے پہلے آخری بار بھر کوشش کی گئی، کہ مسودہ حاصل ہو جائے، لیکن اس بندہ خدا کو توفیق نہ ہوئی کہ امانت لوٹائی جاتے۔

فن عروض سے واقف حضرات جانتے ہیں کہ یہ کتنے دماغ سوزی کا کام ہے اور وہ بھی پوری غزلیات کا عروضی تجزیہ۔ بہر حال میں نے بچوں کے اصرار پر از سر نو تمام غزلیات کے تجزیے کا کام شروع کیا اور شب و روز کی محنت شاقہ کے بعد اسے پورا کر لیا، خدا کا شکر ہے کہ یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

میری نہایت ایمان دارانہ کوشش رہی ہے کہ اس کتاب میں بحروں کی تحلیل سے لے کر حرکات تک پورا متن ہر طرح کی فروگذاشت سے پاک ہو، تاہم اس امکان کو رد نہیں کیا جا سکتا، کہ کہیں کہیں کوئی غلطی غیر ارادی طور پر جگہ پا گئی ہو، کتاب کا بے عیب ہونا چونکہ میری خواہش ہے اس لیے کسی قسم کی کمزوری میرے علم میں لائی گئی تو میں بہت شکر گذار ہوں گی اور دوسرے ایڈیشن کے موقع پر اس پر غور کیا جائے گا۔

آخر میں مجھے اپنی لخت جگر ڈاکٹر فہمیدہ اور نور نظر محمد نور الدین سعید کا ذکر کرنا ہے جن کی مسلسل اصرار اور حوصلہ افزائی نے بہتر برس کی پیرانہ سالی میں میری روح کو گرمائے رکھا اور یہ کام تکمیل پر پہنچا، کتاب کی ترتیب میں سعید نے میرا بہت ہاتھ بٹایا اور فہمیدہ نے کتابت و طباعت کے سلسلے میں بہت سی مشکلیں صبر کے ساتھ برداشت کیں، مولا ان بچوں کو سعادت دارین سے نوازے۔

میں ڈاکٹر گیان چند جین اور جناب شمس الرحمان فاروقی کی شکر گزار ہوں جنھوں نے کتاب کے کئی صفحے ملاحظہ فرمانے کی زحمت اٹھائی، اپنا قیمتی وقت اس کام کے لیے صرف کیا، اور اپنی موقر رائے عنایت فرمائی۔

صغیر النساء بیگم۔ نئی دلی ستمبر ۱۹۸۴ء

مقدمہ

ابتدا میں غزلیات غالب کا عروضی تجزیہ صرف اپنے شوق کی خاطر کیا تھا، مگر عروض کے میدان میں ایسے کام کی اہمیت اور افادیت کے پیش نظر زیادہ تفصیل سے کام کرنے کا فیصلہ کیا جس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ ایسا تفصیلی کام عروض کے میدان میں نظر سے نہیں گزرا، ایک لحا[ظ] سے یہ عروضی تجربہ اپنی نوعیت کا پہلا تجربہ ہی سمجھنا چاہیے اس کا ایک اور سبب یہ بھی رہا کہ گذشتہ دہوں میں ادب میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں، شعر عروضی پابندی سے آزا[د] اور آزاد سے نثر نما ہو گیا ہے، شعر کے اس سفر میں عروض جیسا سست قدم رفیق گرد و غبار میں اٹ کر بہت پیچھے رہ گیا ہے، اگر نیا شعر عروض کی رفاقت کو گوارا نہیں کرتا تو یہ اس کے اختیار اور مرضی کی بات ہے، لیکن یہی رجحان کلاسیکی شعر کی موسیقی، اس کے آہنگ اور اس کے صوتی رچاؤ کے شعور پر خاک ڈالنے کی جسارت کرنے لگے تو میرا خیال ہے کہ ہمارے ادب اور اس کی جمالیاتی قدروں کا بڑا نقصان ہوگا، چنانچہ اس شعور کی آبیاری کرنے اور فن عروض کو اس کا حقیقی مقام برقرار رکھنے کے لیے میں نے غالب کا سہارا لیا ہے۔ کیوں کہ مانوس شعر سے عروض تک پہنچنا نامانوس عروض سے شعر تک پہنچنے سے زیادہ دلچسپ، مفید اور آسان ہے، یہی وجہ ہے کہ اس کتاب میں فن عروض کی چند مبادیات کو بھی شامل کر لیا گیا ہے نہ صرف شامل کیا۔ بلکہ اسلوب بیان میں بھی احتیاط برتی ہے، ثقیل الفاظ اور خاص خاص اصطلاحات سے پرہیز بھی کیا ہے، اور مسلسل بیان کی جگہ بحری محرکات فراہم کی گئی ہیں، تاکہ عروض کی تفہیم میں آسانی ہو، عروضی تجزیے میں سالم بحروں کے تجزیے کو مزاحف بحروں کے

برابر کا درجہ دیا گیا ہے، ماہرین عروض کی نظر میں یہ تکرار غیر ضروری ہے لیکن اس عمل کے پیچھے یہی خیال کار فرما ہے، کہ مبتدی کو فن عروض کی تفہیم میں بڑی مدد ملے گی،

مجھے یہ خوش فہمی بھی ہے کہ میری یہ ناچیز تصنیف عروض غالب کے تفصیلی مطالعہ میں مدد دے گی میں نے محض غزلیات کے عروضی تجزیے پر اکتفا نہیں کیا ہے بلکہ غزلیات غالب کے مکمل عروضی اعداد و شمار بھی فراہم کر دیے ہیں، ان سے بہ یک نظر یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے، کہ غالب کی سب سے پسندیدہ بحریں کون سی ہیں۔ کس مزاج کی غزلیں کن بحروں میں کہی گئی ہیں۔ آیا غالب کے کلام نے بحروں کے مزاج کو متاثر کیا ہے، کس خاص بحر میں کتنی غزلیں کہی گئی ہیں، اور کس خاص بحر میں کس قدر اشعار کہے گئے ہیں، اشاریے اور فہرستوں میں یہ اہتمام کیا گیا ہے، کہ کسی بھی غزل یا بحر کی نشان دہی فوراً ہو سکے، غرض مجموعی طور پر ہر ممکن پہلو سے کتاب کو مفید بنانے کی کوشش کی گئی ہے،

ہماری کلاسیکی شاعری نے عروض کو بجا طور پر شعر کا ایک اہم جز تصور کیا اور اسی قدر سنجیدگی سے اسے برتا بھی ہے، مواد، فکر اور فلسفے کے نقطۂ نظر سے اردو شاعری میں بتدریج ارتقا ہوا، لیکن ہر مرحلے پر اس کی قدر مشترک عروض ہی رہی ہے، عروضی رچاؤ نے اردو شعر کو اس کے اولین دور سے ہی جو وزن، وقار ٹھہراؤ اور استحکام بخشا ہے اس کی وجہ سے صدیوں پرانے شعر اور جدید شعر میں شاید ہی فصل زمانی نظر آتا ہو، جیسا کہ صرف پچیس سال پہلے کی نثر اور موجودہ نثر میں واضح فرق ہے موزونیت اور ناموزونیت کی بحث سے قطع نظر شاعری کے تسلسل اور ترنم کو برقرار رکھنے میں عروض نے جو کام کیا ہے، اس کی وقعت کبھی گھٹائی نہیں جا سکتی عروض اس کے سوا اور کیا ہے، کہ شعر کے متعدد آہنگوں کو تحریری صورت میں متعین کرنے کا ہنر ہے بحریں دراصل حروف علت اور حروف صحیح کے مرکبات کی وہ مختلف صورتیں ہیں، جو آپسی ربط سے متعدد آہنگ پیدا کرتی ہیں، اور یہ آہنگ شعر کے الفاظ کے ساتھ مل کر دھیمے پن، زور و شدت، شکوہ جلال، نرم روی اور روانی وغیرہ کی کیفیات کو متحرک کرنے میں مدد کرتی ہیں، ہماری شاعری میں بعض بحریں مخصوص موضوعات کے لیے جو مختص کی ہوئی ملتی ہیں، وہ اسی عروضی شعور کا نتیجہ ہیں، مثلاً مثنوی کے لیے بحر متقارب اور رباعی کے لیے بحر ہزج کی، اس طرح نثر یا شعر کی موسیقیت کا معاملہ پہلے سے طے کر لیا گیا ہے۔

ہماری مسلمہ کلاسیکی شاعری کے ہاں فن عروض کی پختگی دیکھتے ہوئے اعتراف کرنا [illegible] ہے، کہ انھوں نے کس قدر جگر کاوی کی ہوگی ان کے کلام کی عروضی خوبیاں محض اتفاق نہیں [illegible] ہے، بلکہ اس کے پیچھے برسوں کی محنت اور غور و فکر کار فرما ہے، غالب کا بھی یہی حال [illegible] غالب مفکر، شاعر، جدت پسند اور صاحب اسلوب ہونے کے ساتھ ساتھ ایک [illegible] ماہر عروض بھی تھے، ان کی غزلیات کے مکمل تجزیے کم سے کم یہی نتیجہ نکالا جا سکتا ہے [illegible] بحروں کے انتخاب میں بھی غالب نے اپنے وقت پسند مزاج کا ثبوت دیا ہے [illegible] اردو کی سب سے معروف بحر، بحر رمل کا استعمال ان کے ہاں سب بحروں سے زیا[illegible] ہے، اس کے ساتھ ہی بحر مضارع جیسی ثقیل بحر تقریباً اسی قدر استعمال ہوتی ہے، [illegible] سے زیادہ غزلیں جو سالم بحریں لکھی گئی ہیں، وہ ہزج میں ملتی ہیں، اس بحر میں انھوں نے مثمن [illegible] مسدس بحروں کے "۵۳" غزلیں لکھی ہیں، جن میں "۲۴" سالم ہیں، ایک ہی وزن میں لکھی جا[illegible] والی سب سے زیادہ غزلوں میں، بحر مضارع، مکفوف، محذوف یا مقصور کا ذکر ضروری [illegible] جس میں انھوں نے "۴۶" غزلیں لکھی ہیں، بحر رمل میں انھوں نے کل "۸۴" غزلیں کہی [illegible] جن میں "۲۶" غزلیں رمل مثمن محذوف یا مقصور میں ہیں، بحر رمل مثمن مخبون کے سا[illegible] آنے والے زحافات مخبون مقصور، مخبون محذوف، ابتر، اور ابتر مسبغ کو اگر ایک [illegible] وزن شمار کر لیا جائے تو اس میں کل "۳۰" غزلیں ہیں،

"غزلیات غالب درج ذیل نو بحروں میں کہی گئی ہیں"

رمل، مضارع، ہزج، مجتث، مقتضب، خفیف، متقارب، منسرح اور رجز ہیں [illegible] غزلیات کے علاوہ ان کا باقی کلام قصیدہ، قطعہ، رباعی، سہرا وغیرہ وہ سب انھیں بحرو[illegible] میں لکھا گیا ہے،

ان سب بحروں کی تفصیل حسب ذیل ہے،

۱۔ بحر رمل۔ اصلی ارکان۔ فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن غالب نے بحر رمل میں سب سے زیادہ غزلیں کہی ہیں، ان کے کلام کا ایک تہائی۔ سے زیادہ حصہ اسی بحر میں ہے،

رمل کی مثمن بحریں انھوں نے "۴۷" اور مسدس بحریں ۹۰ غزلیں کہی ہیں۔

مثمن بحریں

(۱) بحرِ رمل مثمن محذوف - فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن،
(۲) بحرِ رمل مثمن محذوف یا مقصور - فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن/فاعلان،
(۳) بحرِ رمل مثمن مخبون، محذوف، مخبون مقصور، محذوف مقطوع مخبون مسکن مقصور
فاعلاتن، فعلاتن، فعلاتن، فَعِلُنْ، فَعْلُنْ، فِعلان، فعْلان
(۴) بحرِ رمل مثمن مشکول، فَعِلاَت، فاعلاتن، فَعِلاَت، فاعلاتن

مسدس بحریں

(۱) بحرِ رمل مسدس محذوف/محذوف یا مقصور - فاعلاتن، فاعلاتن فاعلن/فاعلان / ۴ غزلیں
(۲) بحرِ رمل مسدس مخبون محذوف، مخبون مقصور، محذوف مقطوع، مخبون مسکن مقصور/ ۶ غزلیں

۲ بحرِ مضارع

اصلی ارکان مفاعیلن، فاع لاتن، مفاعیلن، فاع لاتن
غالبؔ نے بحرِ رمل کے بعد اس بحر میں سب سے زیادہ غزلیں یعنی ۷۰ کہی ہیں اس بحر میں ان کے کہے ہوئے اشعار کی تعداد "۳۶۸" ہے جو کل اشعار "۱۴۵۶" کا چوتھائی حصّہ ہے یہ بحر تقریباً تمام تر زحافات اخرب، مکفوف، محذوف یا مقصور کے ساتھ ہی استعمال ہوتی ہے،

(۱) بحرِ مضارع مثمن اخرب، مفعول، فاع لاتن، مفعول، فاع لاتن -
(۲) بحرِ مضارع، اخرب، مکفوف مقصور/ محذوف/ محذوف یا مقصور
مفعول، فاع لاتُ، مفاعیلُ، فاع لن / فَاعِ لان

۳- بحرِ ہزج

اصلی ارکان، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن،
غالبؔ کی پسندیدہ بحروں میں بحرِ ہزج کا درجہ تیسرا ہے، اس بحر میں غالب کی

کل "۵۳" غزلیں ملتی ہیں، اشعار کے اعتبار سے اس بحر میں "۲۸۹" اشعار ہیں جو کل ا
کا ⅕ حصّہ بنتے ہیں، قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ سالم بحروں میں کہی ہوئی غالبؔ کی سب
زیادہ غزلیں اسی بحر میں ملتی ہیں،

مثمن بحریں

(۱) بحرِ ہزج سالم، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن،
(۲) بحرِ ہزج اخرب - مفعول مفاعیلن، مفعول، مفاعیلن
(۳) بحرِ ہزج اخرب، مکفوف مقصور، مفعول مَفَاعِیل، مَفَاعِیلُ، فعولن/فعولان

مسدس بحریں

(۱) بحرِ ہزج مسدس محذوف یا مقصور - مفاعیلن، مفاعیلن، فعولن/فعولان
(۲) بحرِ ہزج مسدس - اخرب، محذوف، مقبوض، اشتر -
مفعول، مفاعلن، فعولن، مفعول، فاعلن، فعولن
اخرب، مقبوض، محذوف، اخرب، اشتر، محذوف

۴- بحرِ مجتث

اصلی ارکان، مستفعلن، فاع لاتن، مستفعلن، فاع لاتن
بحرِ مجتث میں کل ۲۳ غزلیں ہیں، اور اس میں کل اشعار غزلیات کا ⅒ حصّہ ہیں
"۱۴۵۶"/ ۱۴۰ - سب غزلیں زحاف مخبون کے ساتھ کہی گئی ہیں، اور ضمنی زحاف، مخبون
مقصور، مخبون محذوف، محذوف مقطوع اور مخبون مسکن مقصور ایک ایک سے لے کر چار
چار تک آتے ہیں،

(۱) مجتث مثمن مخبون - مفاعلن، فعلاتن، مفاعلن، فعلاتن
(۲) مجتث مثمن مخبون، مخبون محذوف/ مخبون مقصور/ ابتر/ ابتر مسبغ

۵۔ بحر خفیف

اصل ارکان۔ فاعلاتن، مستفعلن، فاعلاتن

یہ بحر مسدس الاصل ہے اردو شعرا نے اسے تمام طور پر مزاحف میں استعمال کیا ہے، بنیادی زحاف مخبون کے علاوہ اس میں ضمنی زحاف مخبون مقصور، مخبون محذوف، ابتر اور ابتر مسبغ بھی آئے ہیں کسی ایک ہی غزل میں ان زحافات کا جمع کرنا جائز ہے، اس بحر میں غالب کی نو غزلیں ملتی ہیں۔ یہ سب کی سب نہایت ہی رواں اور مقبول غزلیں ہیں، اور اس بحر کی کم از کم '۵'، غزلیں گائی گئی ہیں،

۶۔ متقارب

اصلی ارکان، فعولن، فعولن، فعولن، فعولن

تمام غزلیں سالم ہیں، اور اس بحر میں صرف ۳ غزلیں ہیں

۷۔ بحر رجز

اصلی ارکان. مستفعلن، مستفعلن، مستفعلن، مستفعلن

اس بحر میں بھی غالب کی صرف '۲' غزلیں ہیں اور دونوں ردیف نون. میں ہیں، اور زحافات مخبون، مطوی اور مخبون کے ساتھ آتی ہیں،

(۱) رجز۔ مخبون، مطوی اور مخبون مذال کے ساتھ آئی ہیں۔

مفتعلن مفاعلن، مفتعلن، مفاعلن / مفاعیلان

۸۔ بحر منسرح

اصلی ارکان. مستفعلن، مفعولات، مستفعلن، مفعولات

اس بحر میں غالب کی صرف ایک ہی غزل ہے جس کا مطلع ہے

گر میری جان کو قرار نہیں ہے۔ طاقت بیداد انتظار نہیں ہے

بحر منسرح مثمن مطوی منحور۔ مفتعلن فاعلات، مفتعلن فع

۹۔ بحر مقتضب

ماہرین عروض نے غزلیات غالب کے بحروں کا ذکر کرتے ہوئے اکثر اس بحر کو ان کے استعمال شدہ بحروں میں شمار نہیں کیا ہے، عروضیوں نے اس بحر میں کہی ہوئی غزلوں کو بحر ہزج مثمن اشتر میں شامل کر لیا ہے، حالانکہ ان کی تین غزلیں بحر مقتضب میں ہیں،

(۱) سید مبارک علی نے "عروض اور غالب"۔ "شاعر اور غالب" نمبر صفحہ۔ ۱۹۱ - ۹۴ پر فرمایا ہے،

"مجموعی طور پر مرزا غالب کے اردو دیوان میں آٹھ بحریں ملتی ہیں، جو سالم اور مزاحف صورتوں میں ہیں، ان آٹھ بحروں میں چار بحریں مفرد ہیں اور چار مرکب۔ ہزج۔ رمل۔ متقارب مفرد ہیں۔ اور مضارع مجتث، خفیف اور منسرح مرکب ہیں"

"ہزج مثمن اشتر میں صرف دو غزلیں نظر آتی ہیں۔ یہ دونوں بہت ہی عمدہ غزلیں ہیں اس بحر میں لطیف نغمگی ملتی ہے"

(۲) علامہ اخلاق دہلوی نے بھی "فن شاعری" میں مذکورہ بحر میں کہی ہوئی غزلوں کا شمار ہزج مثمن اشتر میں کیا ہے،

بحر مقتضب کے ذکر میں اسی کتاب کے ۱۴۸ صفحہ پر فرماتے ہیں، "اردو میں یہ وزن مروج و مقبول نہیں ہے"

اور بحر ہزج مثمن اشتر کے ذکر میں صفحہ "۷۶" پر تقطیع کے لیے مشق نمبر "۴" میں یہ تین اشعار پیش کیے ہیں،

(۱) عشق سے طبیعت نے زیست کا مزہ پایا۔ درد کی دوا پائی درد لادوا پایا

(۲) دوست دار دشمن ہے اعتماد دل معلوم۔ آہ بے اثر دیکھی نالہ نارسا پایا

(۳) ذکر اس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا۔ بن گیا رقیب آخر جو تھا رازداں اپنا

پہلا شعر تو ہزج اشتر کے وزن پر ٹھیک آسکتا ہے، لیکن دوسرے شعر کی تقطیع کرتے ہوئے وزن میں تبدیلی ہو جاتی ہے، فاعلن، مفاعیلن، فاعلن، مفاعیلن

دوست دا	ر دشمن ہے	اعتما	د دل معلوم	مسبغ
فاعلن	مفاعیلن	فاعلن	مفاعیلن	مفاعیلان۔

اس تقطیع میں م کے لیے جگہ نہیں اور عروضی قاعدے کے مطابق شاید سالم رکن میں تسبیغ لانا ٹھیک نہیں، تقطیع غزل کے تمام اشعار کو لے کر کی جائے تو ٹھیک ہے ورنہ غلطی کا احتمال ہو سکتا ہے،

اب اسی مصرعے کو مقتضب کے وزن میں لیجیے،

دوست دار	دشمن ہے	اعتماد	دل معلوم
فاعلات	مفعولن	فاعلات	مفعولان

چونکہ مفعولن مزاحف رکن ہے، اس میں تسبیغ لایا جا سکتا ہے اور ارکان ٹھیک ہیں

(۳) محمد عبدالرؤف صاحب عشرت نے بھی شاعری کی دوسری کتاب میں ہزج مثمن کی تشریح کرتے ہوئے اسی بحر کا یہ شعر پیش کیا ہے،

عشق سے طبیعت نے زیست کا مزہ پایا - درد کی دوا پائی دردِ لادوا پایا

ویسے یہ شعر ہزج مثمن اشتر میں بھی ٹھیک ہو سکتا ہے،

(۴) نجم الغنی صاحب نے اپنی کتاب بحرالفصاحت کے صفحہ ۲۴۱، ۲۴۰ پر مذکورہ دونوں بحروں کے سلسلہ میں کئی شاعروں کے اشعار کی تقطیع کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

"بحر مقتضب، مثمن، مطوی، مقطوع۔ فاعلات مفعولن فاعلات مفعولن

پھر غالب کے دو اشعار پیش کیے ہیں:-

"عشق سے طبیعت نے زیست کا مزہ پایا - درد کی دوا پائی دردِ لادوا پایا

غالب کا یہ شعر ہزج مثمن اشتر میں بھی ٹھیک آتا ہے

"مگر خیال رہے کہ مقتضب مثمن مطوی، مقطوع میں کبھی مفتعلن مطوی ہو کر یعنی مفتعلن بن کر اور کبھی سالم بھی آ جاتا ہے، اور یہی ہزج مثمن اشتر اور بحر مقتضب مطوی مقطوع میں باعث تمیز ہے"

پھر مہری شیرازی کے شعر کی تقطیع کرتے ہوئے دونوں بحروں کا فرق ثابت کیا ہے، اسی سلسلہ میں خان آرزو نے شیخ علی حزیں کے اشعار پر جو بحر ہزج اشتر کے بنائے گئے ہیں اعتراض کا ذکر کرنے کے بعد آخری فیصلہ کیا ہے،

"مابہ الامتیاز بحر ہزج مثمن اشتر اور بحر مقتضب مثمن مطوی مقطوع میں مفتعلن مطوی و مفتعلان مطوی مسبغ وغیرہ کا آ جانا ہے"

اگرچہ ان دونوں بحروں کے ارکان الگ الگ ہیں، لیکن دونوں کے اوزان میں کبھی کبھ
یکسانیت آ جاتی ہے، اور زحافات کی وجہ سے تغیر ہو جاتا ہے اس لیے غزل کے تمام اشع
کی تقطیع کر لی جائے تو یہ مشکل رفع ہو جاتی ہے،

غرض مذکورہ بالا بیانات کی روشنی میں واضح ہو گیا کہ غالب کی غزلیات "۸" بحروں مے
نہیں "۹" بحروں میں کہی گئی ہیں اور نویں بحر ہے مقتضب جس میں تین غزلیں اور کل ۱۸ اشع
ہیں اپنے اسی فیصلہ کے مطابق میں نے ان تین غزلوں کا عروضی تجزیہ کیا ہے اور اس تجز
کے مطابق ان تین غزلوں کو بحر مقتضب میں کہی ہوئی غزلیں ثابت کیا لہٰذا غزلیات غالب
کل نو بحروں میں کہی گئی ہیں۔ آٹھ بحروں میں نہیں۔

میں نے عروضی تجزیہ کے لیے دیوان غالب مرتبہ مالک رام والا نسخہ پیش نظر رکھا ہے
لہٰذا غزلوں کی ترتیب تجزیہ میں اسی کے مطابق ملے گی۔

تقطیع اور اس کا طریقہ

عروض میں تقطیع اس عمل کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ شعر کے آہنگ کو مقررہ بحر کے آہنگ پر پرکھا جاتا ہے۔ تقطیع کے ذریعے یہ دیکھا جاتا ہے کہ آیا شعر کا آہنگ بحر کے آہنگ سے پوری پوری مطابقت رکھتا ہے یا نہیں۔ دوسرے الفاظ میں کسی بحر میں حروف اور حرکات کا جو صوتی مقدار ہے کیا شعر کے حروف و حرکات کی صوتی مقدار بھی اسی قدر اور اسی ترتیب سے آئی ہے۔ اگر بحر اور شعر کے حروف و حرکات کی آپسی صوتی مقدار سو فی صدی برابر ہے تو شعر عروضی نقطۂ نظر سے صحیح ہے۔ اگر شعر کے حروف و حرکات میں کمی یا اضافہ ہو گیا ہے تو ایسے شعر کو ساقط وزن یا وزن سے گرا ہوا کہتے ہیں۔ یقیناً ایسے شعر کا آہنگ بگڑا ہوا ہوتا ہے۔

یہ شعر دیکھیے۔

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ — تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

یہ شعر بحر متقارب میں ہے جس کا وزن یہ ہے۔

فعولن۔ فعولن فعولن۔ فعولن — فعولن۔ فعولن فعولن فعولن

اس شعر میں جس قدر حروف اور حرکات ہیں۔ اسی قدر حروف اور حرکات بحر متقارب کے وزن میں بھی ہیں۔ ان حروف اور حرکات کو الگ الگ کر کے دیکھنے سے یہ بات زیادہ واضح ہو جائے گی۔

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ

بَ نَ اْ کَ رْ	فَ قِ یْ رُ وْ	کَ اَ ہَ مْ بھے	سْ غَ اْ لِ بْ
فَ عُ وْ لُ نْ	فَ عُ وْ لُ نْ	فَ عُ وْ لُ نْ	فَ عُ وْ لُ نْ

تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

تَ مَ اْ شَ اْ	ئے اَ ہْ لِ ئے؟	کَ رَ مْ دَ ئے	کھْ تَ ئے ھَ ئے ں
فَ عُ وْ لُ نْ	فَ عُ وْ لُ نْ	فَ عُ وْ لُ نْ	فَ عُ وْ لُ نْ

اس تقطیع سے ظاہر ہے کہ غالب کے شعر میں جس قدر حروف اور حرکات ہیں، بالکل اسی قدر
کے وزن میں بھی ہیں اس لیے غالب کا یہ شعر صحیح اور عروض کی کسوٹی پر پورا اترتا ہے۔ لیکن یہ
سچ ہے کہ اس شعر کے بعض حروف شمار نہیں کیے گئے ہیں۔ مثلاً شعر کے پہلے مصرعہ کے دوسر
رکن میں "فقیروں" کی "ں" اور تیسرے رکن میں لفظ "کا" کی الف شمار سے باہر ہو گئی ہے۔ دوسر
مصرعے میں اسی طرح چوتھے رکن میں "ہیں" کا نونِ غنہ شمار نہیں کیا گیا۔ ان سب حرفوں پر ما کا
لگا یا گیا ہے یعنی یہ حروف شمار سے خارج کر دیے گئے ہیں۔ آخر کیوں؟

اس کے علاوہ بعض حروف پر سوالیہ نشان لگا ہے۔ "بھیس" کے "س" پر "اہل" کے بعد ایک
بڑھا دی گئی ہے جو لکھنے میں نہیں آتی۔ اہلِ کرم لکھتے ہیں نہ کہ "اہلے" اسی طرح "دیکھتے" کی کھ ساکن پڑھ
جاتی ہے نہ کہ "دیکھتے" آخر یہ املا کا فرق کیسے ہو گیا؟

اوپر جو سوالات پوچھے گئے ہیں ان کا جواب ہمیں تقطیع کے اصولوں میں ملتا ہے۔ ان اصولوں
رہ نمائی کے بغیر نہ صحیح تقطیع کرنا ممکن ہے اور نہ شعر کی بحر کی صحیح صحیح نشاندہی کرنا ہی ممکن ہے۔ تقطیع
یہ اصول حسب ذیل ہیں۔

تقطیع کے اصول

۱۔ تقطیع میں ساکن حرف کے مقابل ساکن اور متحرک حرف کے مقابل متحرک لایا جاتا ہے۔ حرکات
میں زبر، زیر اور پیش میں امتیاز نہیں کیا جاتا۔ حرف پر کوئی بھی حرکت ہو کافی ہے۔ البتہ ساکن حرف
مقابل ساکن حرف ہی لایا جاتا ہے یعنی جس پر جزم کی علامت ہو۔

۲۔ تقطیع میں شعر کے الفاظ کے معنے کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ الفاظ ایسے بے معنی ٹکڑوں میں
دیے جا سکتے ہیں جو بحر کے ارکان میں برابر تقسیم ہو سکیں۔

۳۔ تقطیع کے دوران

i بعض حروف شمار نہیں کیے جاتے

ii بعض حروف دو دو شمار کیے جاتے ہیں۔ iii بعض حرکات حروف شمار کی جاتی ہیں۔

۱۷۔ بعض ساکن حروف متحرک کر لیے جاتے ہیں۔
۷۔ بعض متحرک حروف ساکن بنا لیے جاتے ہیں۔
ان سب کی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔

i۔ حروف جو شمار نہیں کیے جاتے

اِن حروف کو مکتوبی حروف یا غیر ملفوظی حروف کہتے ہیں۔ یہ لکھے جاتے ہیں اور پڑھے نہیں جاتے۔ اس لیے تقطیع میں گر جاتے ہیں۔ یہ حروف حسب ذیل ہیں۔

(الف) لفظ کے آخر میں آنے والی ہائے ہوّز۔ جیسے رفتہ۔ پیوستہ۔ جامہ۔ نامہ۔ قرینہ وغیرہ۔
(ب) لفظ کے درمیان آنے والی واؤ معدولہ جیسے خواہش۔ خویش۔ خوددار۔ خواری وغیرہ
(ج) دو الفاظ کو ملانے والی واؤ عاطفہ اگر مختصر ادا ہو رہی ہو جیسے ملک و مال۔ شور و شر وغیرہ
(د) عربی الفاظ کا الف جو پڑھنے میں نہ آئے جیسے بالکل۔ بالفرض۔ بالمثل۔ بالفصل وغیرہ
(ہ) عربی الفاظ کا الف لام بھی جو پڑھا نہیں جاتا۔ جیسے عبدالرشید وغیرہ
(و) عربی الفاظ کی ی اور الف بھی جو نہیں پڑھی جاتی جیسے فی الوقت۔ فی الواقع وغیرہ
(ز) خالص اُردو کے الفاظ جیسے کیا۔ نیولا۔ پیار۔ کیوں۔ کی "ی" شمار نہیں ہوتی۔
(ح) اُردو الفاظ کا نونِ غُنّہ جو اپنے پہلے حرف میں مل گیا ہو شمار نہیں ہوتا۔ جیسے بھنور۔ کنواں۔ بندھا وغیرہ۔
(ط) خالص اردو کا وہ نونِ غنہ بھی شمار نہیں ہوتا جو کسی حرفِ علت یعنی واؤ۔ الف اور ی کے بعد آئے جیسے آنچ۔ اندھیرا۔ کہیں۔ ہیں۔ گونگا۔ جھونکا وغیرہ
(ی) اُردو فارسی کے بعض الفاظ کے حروفِ علت شعر میں اپنی مخصوص نشست یا اپنی خفیف یا طویل ادائیگی کے اعتبار سے کبھی شمار ہوتے ہیں اور کبھی گرا دیے جاتے ہیں۔ ان کے بارے میں اوپر کی صورتوں کی طرح کوئی کلیّہ وضع نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔
(الف) ۱۔ الف سے شروع ہونے والا کوئی لفظ شعر کے درمیان ہو اور اس سے پہلے کوئی ساکن حرف ہو تو ایسا الف گرایا جا سکتا ہے اور اس کی حرکت پہلے والے ساکن حرف کو دے دی جاتی ہے جیسے
'پُرافشاں'

تیر بھی سینۂ بسمل سے پر افشاں نکلا

یہاں افشاں کا الف گر گیا اور پر کی ر متحرک ہو گئی ہے۔
۲۔ اردو کے حروف تشبیہ جیسے کا۔ سا۔ جیسا اور ضمائر جیسے میرا۔ تیرا۔ تمھارا وغیرہ آخری الف بھی ضرورت پر گرایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح اسماء اور افعال کا آخری حرفِ الف بھی شعری ضرورت پر گرایا جا سکتا ہے۔
(واؤ) اردو کے الفاظ جیسے دیکھو، بولو، جو، سو، تو، اور تُو، جگنو وغیرہ کی مجہول اور معروف واؤ بھی ضرورتاً گرائی جا سکتی ہے۔
(ی) اسی طرح اردو کے الفاظ جیسے ہے۔ کے۔ تھے۔ نے سے اور کسی، جیسی، ویسی، ہوتی۔ دھوتی وغیرہ کی مجہول اور معروف "ی" بھی ضرورتاً گرائی جا سکتی ہے۔ لفظ اگر "یں" یا "وں" پر ختم ہو رہا ہو تو یہ حروف بھی گرائے جا سکتے ہیں جیسے وہیں۔ نہیں۔ یہیں کی "یں" اور آنکھوں، نظروں وغیرہ کا نونِ غنہ۔
(ک) عروضیوں نے اردو کی ہکار آوازوں جیسے بھ پھ تھ ٹھ اور اسی قبیل کی باقی آٹھ آوازوں کو ہمیشہ دو آوازیں شمار کیا ہے۔ چنانچہ وہ "ھ" کو الگ کر دیتے ہیں اور تقطیع میں "شمار" نہیں کرتے۔ تقطیع کرتے ہوئے وہ گھر، ادھر، بھر وغیرہ کو گر، ادر اور بر لکھتے ہیں۔ یہ طریقہ بے وجہ اردو عروض کا اپنی حیثیت کی نفی کرنے کے برابر ہے۔ صحیح طریقہ یہ ہونا چاہیے کہ حروف کو تقطیع کے دوران ان کی اصل اور صحیح صورت میں یعنی گھ، دھ اور بھ وغیرہ میں لکھا جائے اور انھیں ایک حرف شمار کیا جائے۔

ii حروف جو لکھے نہیں جاتے لیکن شمار کیے جاتے ہیں۔

ایسے حروف کو ملفوظی یا غیر مکتوبی کہا جاتا ہے۔ ان حروف میں سے بعض حرف ایک بار لکھے جاتے ہیں اور انھیں دو شمار کیا جاتا ہے کیونکہ پڑھنے میں وہ دو بار ادا ہوتے ہیں یہ حروف حسب ذیل ہیں۔
(الف) جن حروف پر تشدید ہوتی ہے وہ دو بار پڑھے جاتے ہیں جیسے شدّت (شددت) ان کو دو حروف شمار کیا جاتا ہے۔ پہلے حرف کو ساکن اور دوسرے کو متحرک۔
(ب) جو الف ممدودہ کسی لفظ میں آتی ہے اسے بھی دو حرفی شمار کرتے ہیں جیسے آم (ا ا م) یہاں پہلے حرف کو متحرک اور دوسرے کو ساکن شمار کرتے ہیں۔

iii حرکات جو حروف شمار کی جاتی ہیں

بعض حرکات اپنی ادائیگی کی طوالت کے باعث ایک مکمل حرف کا رتبہ اختیار کر لیتی ہیں اور تقطیع میں پورا حرف شمار ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ تنوین الف سمیت یا بغیر الف کے پورا ایک حرف شمار

ہوتی ہیں۔ یہ سب حرکات حسب ذیل ہیں۔

(الف) اضافت کی علامت یعنی زیر جب خوب کھینچ کر پڑھی جائے تو اسے ایک ساکن حرف شمار کرتے ہیں۔ جیسے نورِ نظر۔ (نورے نظر) لختِ جگر (لختے جگر)

(ب) جس واؤ پر ہمزہ ہوتا ہے وہ ایک پورے حرف کا رتبہ رکھتا ہے اور متحرک واؤ شمار ہوتا ہے جیسے چاؤش (چاؤوش)

(ج) خالص اردو کے جن الفاظ میں ی پر ہمزہ ہوتا ہے وہ متحرک "ی" شمار ہوتی ہے جیسے کئی (کِ ی ی)

(د) عربی الفاظ کی تنوین یعنی دو زبر/ دو زیر/ دو پیش ایک ساکن حرفِ نون شمار ہوتی ہے جیسے فوراً (فوران) صمٌ بکمٌ (صمم بکمم) نسلٍ (نسلین)

۱۷۔ ساکن حروف جو متحرک بن جاتے ہیں

تقطیع کا بنیادی فعل چوں کہ شعری آہنگ کا تعین کرتا ہے اس لیے تقطیع کے دوران لفظ کے معنے پر توجہ نہیں دی جاتی۔ عام طور پر لفظ کے ٹکڑے کرنے کے علاوہ متحرک حروف ساکن اور ساکن حروف متحرک کر لیے جاتے ہیں تاکہ شعر کے الفاظ اور حرف بحر کے ارکان کے حروف سے مطابقت اختیار کر سکیں۔ یہ تبدیلیاں حسب ذیل طریقے سے عمل میں آتی ہیں۔

۱۔ جب کسی لفظ کے آخر میں دو ساکن ساتھ ساتھ آجائیں تو پہلا حرف ساکن ہی رہتا ہے لیکن دوسرا متحرک ہو جاتا ہے۔ اوپر دیے ہوئے مصرعہ

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالب

میں "بھیس" کی 'س' اس لیے متحرک ہو گئی ہے کہ وہ ساکن حرف کے بعد آتی ہے۔

۲۔ جب کسی لفظ کے آخر میں بیک وقت تین ساکن حرف آجائیں تو پہلا ساکن حرف برقرار رہتا ہے دوسرا متحرک ہو جاتا ہے اور تیسرا گر جاتا ہے یعنی ادا نہیں ہوتا اور تقطیع میں شمار نہیں ہوتا جیسے دوست، نشست، راست وغیرہ کی 'ت' گر جاتی ہے۔ مصرعہ "تو دوست کسی کا بھی ستم گر نہ ہوا تھا" میں "دوست" کا تلفظ "دوس" ہے

۳۔ اگر مصرعہ کے آخر میں تین تین ساکن جمع ہو جائیں تو پہلا ساکن برقرار رہتا ہے اور دوسرا اور تیسرا دونوں گر جاتے ہیں۔ یا دوسرا ساکن زحاف کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ جیسے

آمدِ خط سے ہوا ہے سرد جو بازارِ دوست۔

"ست" گر گیا ہے اور مصرعہ "دو" پر ختم ہو گیا ہے۔ اگر دوست کے 'س' کو مصرعہ میں شامل رکھنا چاہیں تو 'فاعلن' 'فاعلان' سے بدل جاتا ہے۔

۱۸ متحرک حروف جو ساکن بن جاتے ہیں

کبھی کبھی شعر کا متحرک حرف، رکن کے ساکن حرف کے مقابل میں آجاتے ہیں تو از خود ساکن بن جاتا ہے۔ مثلاً یہ مصرعہ

تم نے بات نہ مانی میری۔

فعلن۔ فعلن۔ فعلن۔ فعلن کے وزن پر ہے۔ اس میں "بات" میں دو ساکن آنے کی وجہ سے 'ت' متحرک ہو گئی اور اس نے فَعْلُنْ کے "ن" پر ڈ کو کھینچ لیا جس سے متحرک "ن" ساکن "ن" سے بدل گیا۔

تقطیع پر عبور حاصل کرنے کے لیے تمام بحروں اور ان کے متعلقہ زحافات کا اچھی طرح ذہن نشین کر رکھنا بے حد ضروری ہے۔ بحریں اور زحافات ذہن میں نقش ہوں تبھی کسی شعر پر یکے بعد دیگرے کسی ممکن بحر کو آزمایا جا سکتا ہے اور جستجو سے صحیح بحر اور زحافات کی نشاندہی کی جا سکتی ہے اس کے علاوہ دوران تقطیع گرنے والے حروف کا بھی بھرپور علم ہونا چاہیے۔ اور یہ بھی کہ کن حالات میں ساکن متحرک اور متحرک ساکن بن جاتا ہے ورنہ ایک حرف کی کمی بیشی یا اس کی حیثیت سے ناعلمی صحیح بحر کی نشان دہی میں رکاوٹ ثابت ہوتی ہے۔

بہر حال تقطیع کی مشق ہی عروض کی جان ہے۔ لگاتار مشق کرتے رہنے سے عروض کے نکات و غوامض پر بھی عبور ہو جاتا ہے اور اس فن میں کامل مہارت پیدا ہو جاتی ہے۔

غزلوں کی بحروار فہرست

۱- بحرِ رمل کی مزاحف بحریں

کل بحریں: ۸۴ — کل اشعار: ۵۱۹

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			ا مثمن بحریں	
			۱- بحرِ رمل مثمن محذوف	
			فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن	
۱	۱	۱۶	نالۂ دل میں شب اندازِ اثر نایاب تھا	
۲	۲	۲۹	قطرۂ مے بس کہ حیرت سے نفس پرور ہوا	۷
۳	۳	۴۰	شب کہ وہ مجلس فروزِ خلوتِ ناموس تھا	۲
۴	۴	۷۵	جادۂ رہ خور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع	۴
۵	۵	۹۱	رحم سے کھل جاؤ بہ وقتِ مے پرستی ایک دن	۵
۶	۶	۹۵	برشگالِ گریۂ عاشق ہے دیکھا چاہیے	۲
۷	۷	۱۰۴	ہوگئی ہے غیر کی شیریں زبانی کارگر	۱
۸	۸	۱۴۷	رحم کر ظالم کہ کیا بودِ چراغِ کشتہ ہے	۲

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعدادِ اشعار
۹	۹	۱۴۸	چشمِ خوباں خامشی میں بھی نوا پرواز ہے	۳
۱۰	۱۰	۲۰۱	کیوں نہ ہو چشمِ بُتاں محوِ تغافل کیوں نہ ہو	۳
۱۱	۱۱	۲۰۳	دیکھ کر در پردہ گرمِ دامن افشانی مجھے	۹
۱۲	۱۲	۲۰۴	یاد ہے شادی میں بھی ہنگامۂ یارب مجھے	۵
۱۳	۱۳	۲۲۱	کوہ کے ہوں بارِ خاطر گر صدا ہو جائیے	۲
۱۴	۱۴	۲۲۴	آمدِ سیلاب طوفانِ صدائے آب ہے	۲
				۴۸

۲۔ بحرِ رمل مثمن مشکول

فَعِلاتُ، فاعلاتن، فعلات۔ فاعلاتن

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعدادِ اشعار
۱۵	۱	۲۱	یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا	۱۱
۱۶	۲	۱۶۹	جو نہ نقدِ داغِ دل کی کرے شعلہ پاسبانی	۳
				۱۴

۳۔ بحرِ رمل مثمن محذوف یا مقصور

فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن/فاعلان

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعدادِ اشعار
۱۷	۱	۱	نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا	

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعدادِ اشعار
۱۸	۲	۵	دل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا	۶
۱۹	۳	۱۴	بزمِ شاہنشاہ میں اشعار کا دفتر کھلا	۱۰
۲۰	۴	۱۵	شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا	۸
۲۱	۵	۱۹	شب خمارِ شوقِ ساقی رستخیز اندازہ تھا	۵
۲۲	۶	۲۰	دوست غمخواری میں میری سعی فرمائیں گے کیا	۷
۲۳	۷	۲۶	گر نہ اندوہِ شبِ فرقت بیاں ہو جائے گا	۷
۲۴	۸	۴۳	رشک کہتا ہے کہ اس کا غیر سے اخلاص حیف	۶
۲۵	۹	۵۴	آمدِ خط سے ہوا ہے سرد جو بازارِ دوست	۱۱
۲۶	۱۱	۷۸	زخم پر چھڑکیں کہاں طفلانِ بے پروا نمک	۷
۲۷	۱۲	۸۲	غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس	۵
۲۸	۱۳	۸۸	آبرو کیا خاک اس گل کی کہ گلشن میں نہیں	۱۱
۲۹	۱۴	۱۰۶	دل لگا کر لگ گیا ان کو بھی تنہا بیٹھنا	۲
۳۰	۱۵	۱۱۲	سب کہاں، کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں	۱۶
۳۱	۱۶	۱۲۸	رہیے اب ایسی جگہ چل کر جہاں کوئی نہ ہو	۳
۳۲	۱۷	۱۴۰	درد سے میرے ہے تجھ کو بے قراری ہائے ہائے	۱۲
۳۳	۱۸	۱۴۴	ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا وہ بھی مٹ گیا	۷
۳۴	۱۹	۱۵۴	دیکھنا قسمت کہ آپ اپنے پہ رشک آجائے ہے	۱۰
۳۵	۲۰	۱۵۸	سادگی پہ اس کی مرجانے کی حسرت دل میں ہے	۷
۳۶	۲۱	۱۷۴	پا بہ دامن ہو رہا ہوں بسکہ میں صحرا نورد	۳

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعہ اول	تعداد اشعار
۳۷	۲۲	۱۹۳	چاک کی خواہش اگر وحشت بہ عریانی کرے	۵
۳۸	۲۳	۲۰۸	لاغر اتنا ہوں کہ گر تو بزم میں جا دے مجھے	۴
۳۹	۲۴	۲۱۲	نشہ ہا شاداب رنگ و ساز ہا مستِ طرب	۲
۴۰	۲۵	۲۱۳	عرضِ نازِ شوخیِ دنداں برائے خندہ ہے	۴
۴۱	۲۶	۲۱۴	حسنِ بے پروا خریدارِ متاعِ جلوہ ہے	۲
				۱۶۵

۴- بحر رمل مثمن مخبون، محذوف مقطوع یا ابتر

فاعلاتن، فعِلاتن، فعِلاتن، فعْلُنْ

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعہ اول	تعداد اشعار
۴۲	۱	۳۲	گھر ہمارا جو نہ روتے بھی تو ویراں ہوتا	۳
۴۳	۲	۴۵	سرمۂ مفت نظر ہوں مری قیمت کیا ہے	۲
۴۴	۳	۱۵۱	زندگی اپنی جب اس شکل سے گزری غالب	۱
۴۵	۴	۱۵۷	اگ رہا ہے در و دیوار سے سبزہ غالب	۱
				۷

۵- بحر رمل مثمن مخبون، محذوف مقطوع یا ابتر مخبون مقصور

فاعلاتن، فعِلاتن، فعِلاتن، فعْلُن / فعِلان

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعہ اول	تعداد اشعار
۴۶	۱	۶	شوق ہر رنگ رقیبِ سر و ساماں نکلا	۶
۴۷	۲	۳۰	جب بہ تقریبِ سفر یار نے محمل باندھا	۴

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعہ اول	تعداد اشعار
۴۸	۳	۱۸۵	نقشِ نازِ بتِ طنّاز بہ آغوشِ رقیب	۲
				۱۳

۶- بحر رمل مثمن مخبون، مخبون محذوف، محذوق مقطوع یا ابتر

فاعلاتن، فعِلاتن فعِلاتن، فعِلن / فعْلُن

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعہ اول	تعداد اشعار
۴۹	۱	۹	دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلّی نہ ہوا	۷
۵۰	۳	۱۳۶	گھر میں تھا کیا کہ ترا غم اسے غارت کرتا	۱
۵۱	۴	۱۷۱	نہ ہوئی گر مرے مرنے سے تسلی نہ سہی	۷
				۱۵

۷- بحر رمل مثمن، مخبون، مخبون مقصور

فاعلاتن، فعِلاتن، فعِلاتن فعِلان

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعہ اول	تعداد اشعار
۵۲	۱	۷۰	وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سرِ خاک	۲
				۲

۸- بحر رمل مثمن مخبون محذوف مقطوع یا ابتر مخبون مسکن مقصور یا ابتر مسبغ

فاعلاتن ، فعِلاتن، فعِلاتن، فعْلُن / فعْلان

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعہ اول	تعداد اشعار
۵۳	۱	۵۳	مند گئیں کھولتے ہی کھولتے آنکھیں غالب	۱
				۱

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			۹۔ بحرِ رمل مثمن مخبون مخبون مقصور مخبون محذوف محذوف مقطوع یا ابتر	
			فاعلاتن ، فَعِلاتن ، فَعِلاتن ، فَعِلان / فَعِلُن / فَعْلُن	
۵[illegible]	۱	۴۹	عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا	۱۰
۵[illegible]	۲	۵۰	پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب	۱۲
۵[illegible]	۳	۷۳	مژدہ اے ذوقِ اسیری کہ نظر آتا ہے	۷
۵[illegible]	۴	۱۹۱	ہر قدم دوریٔ منزل ہے نمایاں مجھ سے	۱۱
۵[illegible]	۵	۱۹۲	نکتہ چیں ہے غمِ دل اس کو سنائے نہ بنے	۹
				۴۹
			۱۰۔ بحرِ رمل مثمن مخبون مخبون مقصور مخبون محذوف مخبون مسکن مقصور یا ابتر مسبغ	
			فاعلاتن ۔ فَعِلاتن ، فَعِلاتن ، فَعِلان / فَعِلُن ، فَعْلان	
۵[illegible]	۱	۱۵۵	گرمِ فریاد رکھا شکلِ نہالی نے مجھے	۴
				۴
			۱۱۔ بحرِ رمل مثمن مخبون مخبون محذوف مقطوع یا ابتر مخبون مسکن مقصور یا ابتر مسبغ	
			فاعلاتن ۔ فَعِلاتن ، فَعِلاتن ، فَعِلُن / فَعْلُن / فَعْلان	
۶[illegible]	۱	۲۳	درخورِ قہر و غضب جب کوئی ہم سا نہ ہوا	۹
۶۱	۲	۵۸	حُسنِ غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد	۹
۶[illegible]	۳	۱۲۴	وہاں پہنچ کر جو غش آتا پئے ہم ہے ہم کو	۱۱
۶[illegible]	۴	۲۱۸	باغ پاکر خفقانی یہ ڈراتا ہے مجھے	۵
				۳۴

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			۱۲۔ بحرِ رمل مثمن مخبون مخبون مقصور محذوف مقطوع یا ابتر ، مخبون مسکن مقصور	
			فاعلاتن فَعِلاتن ، فَعِلاتن ، فَعِلان / فَعْلُن / فَعْلان	
۶۴	۱	۱۸	بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا	۹
۶۵	۲	۷۹	آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک	۷
۶۶	۳	۹۰	مہرباں ہو کے بلا لو مجھے چاہے جس وقت	۳
				۹
			۱۳۔ بحرِ رمل مثمن مخبون مخبون مقصور مخبون محذوف محذوف مقطوع یا ابتر مخبون مسکن مقطوع یا ابتر مسبغ	
			فاعلاتن ، فَعِلاتن ، فَعْلُن / فَعِلُن / فَعِلان / فَعْلان	
۶۷	۱	۳۵	وہ مری چینِ جبیں سے غمِ پنہاں سمجھا	۸
۶۸	۲	۳۷	ہوئی تاخیر تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا	۱۱
۶۹	۳	۸۷	کی وفا ہم سے تو غیر اس کو جفا کہتے ہیں	۹
۷۰	۴	۹۳	مانعِ دشت نوردی کوئی تدبیر نہیں	۷
۷۱	۴	۱۰۱	ذکر میرا بہ بدی بھی اسے منظور نہیں	۹
۷۲	۵	۱۰۲	نالہ جز حُسنِ طلب اے ستم ایجاد نہیں	۷
۷۳	۶	۱۷۶	حُسنِ مہ گرچہ بہ ہنگامِ کمال اچھا ہے	۱۰
۷۴	۷	۱۷۸	شکوے کے نام سے بے مہر خفا ہوتا ہے	۱۳
				۷۴

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			۱۱ مسدس بحریں	
			۱۴- بحرِ رمل مسدس محذوف	
			فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن	
	۱	۱۸۱	غیر لیں محفل میں بوسے جام کے	۷
				۷
			۱۵- بحرِ رمل مسدس محذوف یا مقصور	
			فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن / فاعلان	
	۱	۴۷	جور سے باز آئیں پر باز آئیں کیا	۷
	۲	۱۶۱	کوئی دن گر زندگانی اور ہے	۶
	۳	۱۹۰	چاہیے اچھوں کو جتنا چاہیے	۷
				۲۰
			۱۶- بحرِ رمل مسدس مخبون، مخبون مقصور، محذوف مقطوع یا ابتر	
			فاعلاتن، فَعِلاتن، فَعِلان /	
	۱	۷۱	کیوں کر اس بت سے رکھوں جان عزیز	۳
				۳

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			۱۷- بحرِ رمل مسدس مخبون، مخبون مقصور، مخبون محذوف، محذوف مقطوع یا ابتر	
			فاعلاتن، فَعِلاتن، فَعِلن / فَعِلان / فَعْلُن	
۸۰	۱	۳۶	پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا	
۸۱	۳	۱۸۴	کب وہ سنتا ہے کہانی میری	
			۱۸- بحرِ رمل مسدس مخبون، مخبون مقصور، محذوف مقطوع یا ابتر، مخبون مسکن مقصور یا ابتر مسبغ	
			فاعلاتن، فَعِلاتن، فَعِلان / فَعْلُن / فَعْلان	
۸۲	۱	۱۰۹	تیرے توسن کو صبا باندھتے ہیں	
۸۳	۲	۱۴۹	عشق مجھ کو نہیں وحشت ہی سہی	
			۱۹- بحرِ رمل مسدس مخبون، مخبون مقصور، مخبون محذوف، محذوف مقطوع یا ابتر، مخبون مسکن مقصور یا ابتر مسبغ	
			فاعلاتن، فَعِلاتن، فَعِلن / فَعِلان / فَعْلُن / فَعْلان	
۸۴	۱	۹۶	عشق تاثیر سے نومید نہیں	

بحرِ رمل کے کل اشعار کی تعداد : ۵۱۹

۲۔ بحرِ مضارع کی مزاحف بحریں

بحرِ مرکب: اصلی ارکان، مفاعیلن، فاع لاتن، مفاعیلن، فاع لاتن، شعر میں دوبار

کل بحریں: ۵۷ کل اشعار: ۳۶۸

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			ا۔ مثمن بحریں	
			۱۔ بحرِ مضارع مثمن، اخرب	
			مَفْعُولُ، فَاعِ لَاتُن، مَفْعُولُ، فَاعِ لَاتُن	
۸۵	۱	۳۱	میں اور بزمِ مے سے یوں تشنہ کام آؤں	۳
۸۶	۲	۱۳۸	حاصل سے ہاتھ دھو بیٹھ اے آرزو خرامی	۲
				۵
			۲۔ بحرِ مضارع مثمن اخرب، مکفوف، مقصور	
			مفعولُ، فاع لاتُ، مفاعیلُ، فاع لان	
۸۷	۱	۸۰	گر تجھ کو ہے یقینِ اجابت دعا نہ مانگ	۲
				۲

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			۳۔ بحرِ مضارع مثمن اخرب، مکفوف، محذوف	
			مفعولُ، فاعِ لاتُ، مفاعیلُ، فاع لن	
۸۸	۱	۳۴	اک ذرّہ زمیں نہیں بے کار باغ کا	۷
۸۹	۲	۴۱	آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لے کے رہ گئے	۲
۹۰	۳	۱۲۹	از مہر تا بہ ذرّہ دل و دل ہے آئینہ	۱
۹۱	۴	۱۵۳	رفتارِ عمر قطعِ رہِ اضطراب ہے	۷
۹۲	۵	۱۸۸	سیماب پشت گرمیٔ آئینہ دے ہے ہم	۲
۹۳	۶	۱۸۹	ہے وصل ہجر عالمِ تمکین و ضبط میں	۲
۹۴	۷	۲۲۲	مستی بہ ذوقِ غفلتِ ساقی ہلاک ہے	۳
۹۵	۸	۲۳۰	آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں جسے	۷
				۳۱
			۴۔ بحرِ مضارع مثمن اخرب، مکفوف، محذوف یا مقصور	
			مفعولُ، فاعِ لاتُ، مفاعیلُ، فاعِ لن / فاعِ لان	
۹۶	۱	۳	جز قیس اور کوئی نہ آیا بروئے کار	۶
۹۷	۲	۷	دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا	۷
۹۸	۳	۱۳	محرم نہیں ہے تو ہی نوا ہائے راز کا	۷
۹۹	۴	۱۷	اک ایک قطرے کا مجھے دینا پڑا حساب	۵
۱۰۰	۵	۴۲	عرضِ نیازِ عشق کے قابل نہیں رہا	۸

ر	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
۱	۶	۴۶	غافل بہ وہمِ نازِ خود آرا ہے ورنہ یاں	۵
۱۰	۷	۵۵	گلشن میں بندوبست بہ رنگِ دگر ہے آج	۴
۱۰	۸	۵۶	لو ہم مریضِ عشق کے تیماردار ہیں	۱
۱۰	۹	۶۰	گھر جب بنالیا ترے در پر کہے بغیر	۹
۱۰	۱۰	۶۱	کیوں جل گیا نہ تابِ رخِ یار دیکھ کر	۱۲
۱۰	۱۱	۶۸	فارغ مجھے نہ جاں کہ مانند صبح مہر	۳
۱۰	۱۲	۷۷	ہیم رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش	۲
۱۰	۱۳	۸۱	ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ گل	۹
۱۰	۱۴	۸۴	مجھ کو دیارِ غیر میں مارا وطن سے دور	۲
۱۱	۱۵	۸۵	لوں وام بختِ خُفتہ سے اک خوابِ خوش ولے	۱
۱	۱۶	۸۹	عہدے سے مدحِ ناز کے باہر نہ آسکا	۴
۱۱	۱۷	۹۲	ہم پر جفا سے ترکِ وفا کا گماں نہیں	۱۲
۱۱	۱۸	۹۸	ملتی ہے خوئے یار سے نار التہاب میں	۱۳
۱۱	۱۹	۹۹	کل کے لیے کر آج نہ خسّت شراب میں	۱۱
۱۱	۲۰	۱۰۰	حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں	۱۰
۱۱	۲۱	۱۰۳	دونوں جہاں دے کے وہ سمجھے یہ خوش رہا	۳
۱۱	۲۲	۱۱۱	دائم پڑا ہوا ترے در پہ نہیں ہوں میں	۸
۱۱	۲۳	۱۱۳	دیوانگی سے دوش پہ زنار بھی نہیں	۱۰
۱۱	۲۴	۱۱۹	کعبے میں جا رہا تو نہ دو طعنہ کیا کہیں	۴
۱۲	۲۵	۱۲۰	وارستہ اس سے ہیں کہ محبت ہی کیوں نہ ہو	۱۰

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد
۱۲۱	۲۶	۱۲۲	دھوتا ہوں جب سے پینے کو اس سیم تن کے پانو	۸
۱۲۲	۲۷	۱۲۳	واں اس کو ہولِ دل ہے تو یاں میں ہوں شرمسار	۲
۱۲۳	۲۸	۱۲۵	تم جانو تم کو غیر سے جو رسم و راہ ہو	۷
۱۲۴	۲۹	۱۳۰	ہے سبزہ زار ہر در و دیوار غم کدہ	۲
۱۲۵	۳۰	۱۳۱	صد جلوہ روبرو ہے جو مژگاں اٹھائیے	۴
۱۲۶	۳۱	۱۳۲	مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے	۹
۱۲۷	۳۲	۱۳۹	کیا تنگ ہم ستم زدگاں کا جہان ہے	۸
۱۲۸	۳۳	۱۴۱	سرگشتگی میں عالمِ ہستی سے یاس ہے	۶
۱۲۹	۳۴	۱۴۲	گر خامشی سے فائدہ اخفائے حال ہے	۷
۱۳۰	۳۵	۱۵۰	ہے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے	۵
۱۳۱	۳۶	۱۵۲	اس بزم میں مجھے نہیں بنتی حیا کیے	۹
۱۳۲	۳۷	۱۵۹	دل سے تری نگاہ جگر تک اتر گئی	۹
۱۳۳	۳۸	۱۶۰	تسکیں کو ہم نہ روئیں قِ نظر ملے	۷
۱۳۴	۳۹	۱۶۸	بے اعتدالیوں سے سبک سب میں ہم ہوئے	۱۰
۱۳۵	۴۰	۱۷۰	ظلمت کدے میں میرے شبِ غم کا جوش ہے	۱۳
۱۳۶	۴۱	۲۱۱	رونے سے اور عشق میں بے باک ہو گئے	۷
۱۳۷	۴۲	۲۱۵	جب تک دہانِ زخم نہ پیدا کرے کوئی	۱۲
۱۳۸	۴۳	۲۱۹	روندی ہوئی ہے کوکبۂ شہریار کی	۳
۱۳۹	۴۴	۲۲۹	جس جا نسیم شانہ کشِ زلفِ یار ہے	۱۰

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرع اول	تعداد اشعار
۱۴۰	۴۵	۲۳۲	منظور تھی یہ شکل تجلی کو طور کی	۹
۱۴۱	۴۶	۲۳۴	مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کیے ہوئے	۱۷
				۳۳۰

بحر مضارع کے کل اشعار کی تعداد: ۳۶۸

۳- بحر ہزج اور اس کی سالم اور مزاحف بحریں

مفرد بحر۔ اصلی ارکان: مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن۔ شعر میں دو بار

کل بحریں: ۵۳ کل اشعار: ۲۸۹

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرع اول	تعداد اشعار
			۱۔ مثمن بحریں	
			۱- بحر ہزج مثمن سالم	
			مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن	
۱۴۲	۱	۲	جراحت تحفہ، الماس ارمغاں، داغِ جگر ہدیہ	۱
۱۴۳	۲	۸	شمارِ سبحہ مرغوبِ بتِ مشکل پسند آیا	۳
۱۴۴	۳	۱۰	ستائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا	۱۲
۱۴۵	۴	۱۱	نہ ہوگا یک بیاباں ماندگی سے ذوق کم میرا	۲
۱۴۶	۵	۱۲	سراپا رہنِ عشق و ناگزیرِ الفتِ ہستی	۲
۱۴۷	۶	۲۴	اسد ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سر و پا ہیں	۱
۱۴۸	۷	۲۵	پئے نظر کرم تحفہ ہے شرم نارسائی کا	۸
۱۴۹	۸	۳۳	نہ تھا کچھ تو خدا تھا، کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا	۳

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
۱۵۰	۹	۴۸	لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی	۲
۱۵۱	۱۰	۶۲	لرزتا ہے مرا دل زحمتِ مہرِ درخشاں پر	۸
۱۵۲	۱۱	۶۴	صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر	۲
۱۵۳	۱۲	۶۵	جنوں کی دشت گری کس سے ہو جب ہو نہ عریانی	۶
۱۵۴	۱۳	۶۶	ستم کش مصلحت سے ہوں کہ خوباں تجھ پہ عاشق ہیں	۱
۱۵۵	۱۴	۷۴	نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے	۲
۱۵۶	۱۵	۱۰۵	قیامت ہے کہ سن لیلیٰ کا دشتِ قیس میں آنا	۲
۱۵۷	۱۶	۱۱۴	نہیں ہے زخم کوئی بخیہ کے قابل مرے تن میں	۹
۱۵۸	۱۷	۱۱۸	حسد سے دل اگر افسردہ ہے گرمِ تماشا ہو	۳
۱۵۹	۱۸	۱۲۱	قفس میں ہوں گر اچھا بھی نہ جانیں میرے شیون کو	۱۲
۱۶۰	۱۹	۱۲۷	کسی کو دے کے دل کوئی نوا سنجِ فغاں کیوں ہو	۱۱
۱۶۱	۲۰	۱۳۳	بساطِ عجز میں تھا ایک دل اک قطرہ خون وہ بھی	۷
۱۶۲	۲۱	۱۳۷	غمِ دنیا سے گر پائی بھی فرصت سر اٹھانے کی	۷
۱۶۳	۲۲	۱۴۶	مری ہستی فضائے حیرت آبادِ تمنا ہے	۴
۱۶۴	۲۳	۱۶۶	جنوں تہمت کشِ تسکیں نہ ہو گر شادمانی کی	۳
۱۶۵	۲۴	۱۶۷	نکوہش ہے سزا فریادیٔ بیدادِ دلبر کی	۵
۱۶۶	۲۵	۱۷۳	ہجومِ غم سے یاں تک سرنگونی مجھ کو حاصل ہے	۳
۱۶۷	۲۶	۱۸۳	تغافل دوست ہوں میرا دماغِ عجز عالی ہے	۲
۱۶۸	۲۷	۱۹۵	تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے	۶
۱۶۹	۲۸	۱۹۶	نظر ہے رشتۂ الفت رگِ گردن نہ ہو جائے	۲

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
۱۷۰	۲۹	۲۰۵	حضورِ شاہ میں اہلِ سخن کی آزمائش ہے	۱۰
۱۷۱	۳۰	۲۰۶	کبھی نیکی بھی اس کے جی میں گر آ جائے ہے مجھ سے	۸
۱۷۲	۳۱	۲۲۰	ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پر دم نکلے	۱۰
۱۷۳	۳۲	۲۲۳	لبِ عیسیٰ کی جنبش کرتی ہے گہوارہ جنبانی	۱
۱۷۴	۳۳	۲۲۶	سیاہی جیسے گر جائے دمِ تحریر کاغذ پر	۱
۱۷۵	۳۴	۲۲۷	ہجومِ نالہ حیرت عاجزِ عرضِ ایک افغاں ہے	۵
				۶۴
			۲۔ بحر ہزج مثمن اخرب	
			مفعولُ، مفاعیلن، مفعولُ، مفاعیلن	
۱۷۶	۱	۱۸۶	گلشن کو تری صحبت از بس کہ خوش آئی ہے	۳
				۳
			۳۔ بحر ہزج مثمن اخرب، مکفوف، مقصور	
			مفعولُ، مفاعیلُ، مفاعیلُ، فعولان	
۱۷۷	۱	۹۴	مت مردمکِ دیدہ میں سمجھو یہ نگاہیں	۱
				۱
			۴۔ بحر ہزج مثمن اخرب، مکفوف، محذوف	
			مفعولُ، مفاعیلُ، مفاعیلُ، فعولن	

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
[illegible]	۱	۱۳۴	بے بزمِ بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے	۴
[illegible]	۲	۱۳۵	تا ہم کو شکایت کی بھی باقی نہ رہے جا	۲
[illegible]	۳	۱۴۵	پینس میں گزرتے ہیں جو کوچے سے وہ میرے	۱
[illegible]	۴	۱۷۵	جس بزم میں تو ناز سے گفتار میں آوے	۱۱
[illegible]	۵	۱۸۷	جس زخم کی ہو سکتی ہو تدبیر رفو کی	۵
[illegible]	۶	۱۹۹	ہم رشک کو اپنے بھی گوارا نہیں کرتے	۳
[illegible]	۷	۲۲۵	ہوں میں بھی تماشائی نیرنگِ تمنّا	۱
				۲۷

۵ - بحرِ ہزج مثمن اخرب، مکفوف، محذوف یا مقصور

مفعولُ، مفاعیلُ، مفاعیلُ، فعولن / فعولان

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
[illegible]	۱	۳۹	تو دوست کسی کا بھی ستم گر نہ ہوا تھا	۷
[illegible]	۲	۵۱	افسوس کہ دیداں کا کیا رزق فلک نے	۳
[illegible]	۳	۶۳	ہے بس کہ ہر اک ان کے اشارے میں نشاں اور	۱۱
[illegible]	۴	۶۷	لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور	۱۰
[illegible]	۵	۱۶۴	کہتے تو ہو تم سب کہ بتِ غالیہ مُو آئے	۹
[illegible]	۶	۲۰۹	بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے	۱۴
[illegible]	۷	۲۳۱	شبنم ز گلِ لالہ نہ خالی ز ادا ہے	۱۱
[illegible]	۸	۲۳۲	غم کھانے میں بودا دلِ ناکام بہت ہے	۹
				۷۴

۱۱- مسدس بحریں

---

۶ - بحرِ ہزج مسدس محذوف یا مقصور

مفاعیلن، مفاعیلن، فعولن / فعولان

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول
۱۹۳	۱	۲۲	ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا

۷ - بحرِ ہزج مسدس اخرب، محذوف، مقبوض، اشتر

مفعولُ، مفاعلن، فعولن، مفعول، فاعلن، فعولن

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول
۱۹۴	۱	۱۹۷	فریاد کی کوئی لے نہیں ہے

بحرِ ہزج کے کل اشعار کی تعداد : ۲۸۹

۴۔ بحرِ مجتث کی مُزاحِف بحریں

مرکب بحر؛ اصلی ارکان: مس تفع لن، فاعلاتن، مس تفع لن، فاعلاتن۔ شعر میں دو بار

کل بحریں: ۲۳ کل اشعار: ۱۴۰

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعِ اول	تعداد اشعار
			أ مثمن بحریں	
			۱۔ بحرِ مجتث مثمن مخبون	
			مفاعلن، فعلاتن، مفاعلن، فعلاتن	
۱۹…	۱	۱۴۳	تم اپنے شکوے کی باتیں نہ کھود کھود کے پوچھو	۲
۱۹…	۲	۱۷۷	عجب نشاط سے جلاد کے چلے ہیں ہم آگے	۷
				۹
			۲۔ بحرِ مجتث مثمن مخبون، محذوف مقطوع یا ابتر	
			مفاعلن، فعلاتن، مفاعلن، فَعَلن	
۱۹…	۱	۱۹۸	نہ پوچھ نسخۂ مرہم جراحتِ دل کا	۲

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعِ اول	تعداد اشعار
۱۹۸	۲	۲۱۷	بہت سہی غمِ گیتی شراب کیا کم ہے	۳
				۵
			۳۔ بحرِ مجتث مثمن مخبون، مخبون محذوف، محذوف مقطوع یا ابتر	
			مفاعلن، فَعِلاتن، مفاعلن، فَعْلُن / فَعِلُن	
۱۹۹	۱	۱۱۰	زمانہ سخت کم آزار ہے، بجانِ اسد	۱
۲۰۰	۲	۱۹۴	وہ آکے خواب میں تسکینِ اضطراب تو دے	۵
۲۰۱	۳	۲۱۰	کہوں جو حال تو کہتے ہو مدعا کہیے	۱۱
				۷
			۴۔ بحرِ مجتث مثمن مخبون، محذوف مقطوع یا ابتر، مخبون مسکن مقصور یا ابتر مسبغ	
			مفاعلن، فعلاتن، مفاعلن / فَعْلُن / فَعْلان	
۲۰۲	۱	۸۳	بہ نالہ حاصلِ دل بستگی فراہم کر	۱
۲۰۳	۲	۲۰۷	زبسکہ عشق تماشا جنوں عداوت ہے	۴
				۵
			۵۔ بحرِ مجتث مثمن مخبون، مخبون محذوف، مخبون مقصور، محذوف مقطوع یا ابتر	
			مفاعلن، فعلاتن، مفاعلن، فَعِلن / فَعِلان / فَعْلُن	
۲۰۴	۱	۷۶	رخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیٔ شمع	۷
۲۰۵	۲	۲۰۰	کرے ہے بادہ ترے لب سے کسبِ رنگِ فروغ	۴

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
۲۰۶	۳	۲۰۲	دیا ہے دل اگر اس کو بشر ہے کیا کہیے	۹
۲۰۷	۴	۲۲۸	خموشیوں میں تماشا ادا نکلتی ہے	۳
				۲۳

۶۔ بحر مجتث مثمن مخبون مخبون مقصور/محذوف مقطوع یا ابتر/مخبون مسکن مقصور

مفاعلن۔ فعِلاتن۔ مفاعلن۔ فعِلان/ فَعْلن/ فَعْلان

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
۲۰۸	۱	۵۷	نفس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ	۶
۲۰۹	۲	۵۹	بلا سے ہیں جو یہ پیشِ نظر در و دیوار	۱۰
۲۱۰	۳	۶۹	حریفِ مطلبِ مشکل نہیں فسونِ نیاز	۵
۲۱۱	۴	۱۲۶	گئی وہ بات کہ ہو گفتگو تو کیوں کر ہو	۱۰
				۳۱

۷۔ بحر مجتث مثمن مخبون مخبون محذوف/محذوف مقطوع یا ابتر/مخبون مسکن مقصور

مفاعلن۔ فعِلاتن۔ مفاعلن۔ فعِلُن/ فَعْلُن/ فَعْلان

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
۲۱۲	۱	۲۸	گلہ ہے شوق کو دل میں بھی تنگیِ جا کا	۸
۲۱۳	۲	۱۰۷	یہ ہم جو ہجر میں دیوار و در کو دیکھتے ہیں	۴
				۱۲

۸۔ بحر مجتث مثمن مخبون مخبون مقصور/مخبون محذوف/محذوف مقطوع یا ابتر/مخبون مسکن مقصور

مفاعلن۔ فعلاتن۔ مفاعلن۔ فَعِلن/ فعِلان/ فَعْلن/ فَعْلان

شمار	تعداد	شمار غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
۲۱۴	۱	۱۰۸	نہیں کہ مجھ کو قیامت کا اعتقاد نہیں	۷
۲۱۵	۲	۱۱۵	مزے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں	۷
۲۱۶	۳	۱۷۹	ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے	۱۰
۲۱۷	۴	۲۳۵	نویدِ امن ہے بیدادِ دوست جان کے لیے	۱۴
				۳۸

بحر مجتث کے کل اشعار کی تعداد: ۱۴۱

۵۔ بحرِ خفیف کی مُزاحِف بحریں

بحر مرکب ہے، اصل ارکان ۔ فاعلاتن ۔ مس تفعِلن ۔ فاعلاتن ، شعر میں دو بار

کل بحریں : ۹   کل اشعار : ۸۴

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعدادِ اشعار
			تمام بحریں مسدس ہیں	
			۱۔ بحرِ خفیف مسدس مخبون مخبون محذوف، محذوف مقطوع یا ابتر	
			فاعلاتن ۔ مفاعلن ، فَعِلُن / فَعْلُن	
۲۱۸	۱	۱۸۰	ہیں انھیں چھیڑوں اور کچھ نہ کہیں	۴
				۴
			۲۔ بحرِ خفیف مسدس مخبون مخبون محذوف، محذوف مقطوع یا ابتر مخبون مسکّن مقصور	
			فاعلاتن ، مفاعلن ، فَعِلُن / فَعْلُن / فَعْلاَن	
۲۱۹	۱	۲۱۶	ابنِ مریم ہوا کرے کوئی	۱۰
				۱۰

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعدادِ اشعار
			۳۔ بحرِ خفیف مسدس مخبون مخبون محذوف، محذوف مقطوع یا ابتر، مخبون مقصور	
			فاعلاتن ، مفاعلن ، فَعِلُن / فَعْلُن / فَعِلاَن	
۲۲۰	۱	۸۶	وہ فراق اور وہ وصال کہاں	۸
				۸
			۴۔ بحرِ خفیف مسدس مخبون مخبون محذوف، محذوف مقطوع یا ابتر مخبون مقصور مخبون مسکّن مقصور	
			فاعلاتن ۔ مفاعلن ، فَعِلُن / فَعْلُن / فَعِلان / فَعْلان	
۲۲۱	۱	۲۷	درد منت کشِ دوا نہ ہوا	۱۰
۲۲۲	۲	۷۲	نے گلِ نغمہ ہوں نہ پردۂ ساز	۱۰
۲۲۳	۳	۱۶۲	کوئی امید بر نہیں آتی	۱۰
۲۲۴	۴	۱۶۳	دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے	۱۱
۲۲۵	۵	۱۶۵	پھر کچھ اک دل کو بے قراری ہے	۱۴
۲۲۶	۶	۱۸۲	پھر اس انداز سے بہار آئی	۷
				۶۲

بحرِ خفیف کے کل اشعار کی تعداد : ۸۴

٦۔ بحرِ مقتضب کی مُزاحِف بحریں

بحرِ مرکب: اصلی ارکان، مفعولاتُ، مستفعلن، مفعولات، مستفعلن، شعر میں دو بار

کل بحریں: ۳ — کل اشعار: ۱۸

ار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعا
			تمام بحریں مثمن ہیں	
			۱۔ بحرِ مقتضب مثمن، مطوی، مقطوع	
			فاعلاتُ، مفعولن، فاعلاتُ، مفعولن	
۲۲	۱	۴۴	ذکر اس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا	۸
				۸
			۲۔ بحرِ مقتضب مثمن، مطوی، مقطوع، مقطوع مسبغ	
			فاعلاتُ، مفعولن، فاعلات، مفعولن	
۲۲	۱	۴	کہتے ہو نہ دیں گے ہم دل اگر پڑا پایا	۷
۲۲	۲	۱۵۶	کارگاہِ ہستی میں لالہ داغِ ساماں ہے	۳
				۱۰

بحرِ مقتضب کے کل اشعار کی تعداد: ۱۸

۷۔ بحرِ متقارب کی سالم بحریں

مفرد بحر: اصلی ارکان۔ فعولن، فعولن، فعولن، فعولن شعر میں دو بار

کل بحریں: ۳ — کل اشعار: ۱۲

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد
			مثمن بحریں	۲
۲۳۰	۱	۳۸	لبِ خشک در تشنگی مردگاں کا	۴
۲۳۱	۲	۵۲	رہا گر کوئی تا قیامت سلامت	۶
۲۳۲	۳	۹۷	جہاں تیرا نقشِ قدم دیکھتے ہیں	۱۲

بحرِ متقارب کے کل اشعار کی تعداد: ۱۲

۸۔ بحرِ رجز کی مزاحف بحریں

مفرد بحر: اصل ارکان، مستفعلن، مستفعلن، مستفعلن، مستفعلن۔ شعر میں دو بار

کل بحریں: ۲ — کل اشعار: ۱۹

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			مثمن بحریں	
			۱۔ بحرِ رجز مثمن مخبون، مطوی، مخبون مذال	
			مفتعلن، مفاعلن، مفتعلن، مفاعلن / مفاعلان	
۲۳۳	۱	۱۱۶	دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں	۹
۲۳۴	۲	۱۱۷	غنچۂ ناشگفتہ کو دور سے مت دکھا کہ یوں	۱۰
				۱۹

بحرِ رجز کے کل اشعار کی تعداد: ۱۹

۹۔ بحرِ منسرح کی مزاحف بحریں

مرکب بحر: اصل ارکان، مستفعلن، مفعولاتُ، مستفعلن، مفعولاتُ۔ شعر میں دو بار

بحر: ۱ — کل اشعار: ۷

شمار	تعداد	شمارِ غزل	مصرعۂ اول	تعداد اشعار
			بحرِ منسرح مثمن، مطوی، منحور	
			مفتعلن، فاعلاتُ، مفتعلن، فع	
۲۳۵	۱	۱۷۲	آ کہ مری جان کو قرار نہیں ہے	۷
				۷

بحرِ منسرح کے کل اشعار کی تعداد: ۷

...انِ غالب میں مستعمل ہونے والے ارکان اور انکی مزاحف صورتیں

مفرد زحاف

...کا نام	مزاحف نام	مفاعیلُن	فاعلاتُن	فاعِ لاتن	مستفعِلُن	مس تفع لن	مفعولاتُ
...اله	مذال				مستفعِلان		
...ر	ابتر	فع					
...غ	مسبغ	مفاعیلان				مس تفع لن	
...ف	محذوف	فعولن	فاعِلن	فاعِ لن			
...ن	مخبون		فعِلاتن		مفاعلن	مفاعیلن	فعولاتُ
...رم	اخرم	مفعولن					
...ب	اخرب	مفعولُ					
...ر	اشتر	فاعلن					
...ل	مشکول		فعِلاتُ				
...ے	مطوی				مفتعِلن		فاعلاتُ
...ر	مقصور	فعولان	فاعلان	فاع لان			
...ض	مقبوض	مفاعلن					
...طع	مقطوع				مفعولن		

زحاف کا نام	مزاحف نام	مفاعیلُن	فاعلاتُن	فاعِ لاتن	مستفعِلن	مس تفع لن	مفع...
کف	مکفوف	مفاعیلُ	فاعلاتُ	فاعِ لاتُ			
نحر	منحور						فِ...

مرکب زحاف

زحاف کا نام	مرکب نام	فاعلاتن	مستف...
خبن و حذف	مخبون محذوف	فَعِلُنْ	
خبن و قصر	مخبون مقصور	فَعِلَانْ	
حذف و قطع / بتر / خبن و حذف و تسکین / تشعیث و حذف	محذوف مقطوع / ابتر / مخبون محذوف مسکن / مشعث محذوف	فَعْلُنْ	
بتر و تسبیغ / خبن و تسکین و قصر	ابتر مسبغ / مخبون مسکن مقصور	فَعْلَانْ	
تشعیث / خبن و تسکین	مشعث / مخبون مسکن	مَفْعُولُنْ	
خبن و ازاله	مخبون مذال		مَفَاعِلَا...

غزلیات غالب کی بحروں کے زحافات

غالب کی غزلوں میں کل نو بحریں استعمال کی گئی ہیں۔ ان کا ذکر گزشتہ صفحات پر گزر چکا ہے۔ ان بحروں میں یہ سات ارکان آئے ہیں۔

۱۔ فاعلاتن

۲۔ مفاعیلن

۳۔ فاع لاتن

۴۔ مس تفع لن

۵۔ مستفعلن

۶۔ مفعولاتُ

۷۔ فعولن

ان ارکان میں زحافات کے اثر سے جو تبدیلیاں آتی ہیں ان کی تفصیل یہاں دی گئی ہے۔ زحافات (کے) اثر سے ہونے والی تبدیلیوں کو ظاہر کرنے کے لیے بعض نئی علامات سے مدد لی گئی ہے تاکہ زحاف (کا عمل) فوراً سمجھ میں آ سکے۔ ان علامات کی تشریح حسب ذیل ہے۔

□ اصل یا مزاحف رکن سے کوئی حرف یا حروف گرا دیئے گئے ہیں۔

□ اصل یا مزاحف رکن میں کسی حرف (عموماً الف) کا اضافہ کیا گیا ہے۔

← زحاف کے عمل سے گزرنے کے بعد رکن کی صورت کیا ہوئی ہے۔

○ مزاحف رکن کو خوش ادائیگی کے لیے اس کے ہم وزن رکن سے بدل لیا گیا ہے۔

آخر میں تمام مزاحف ارکان کا جدول بھی فوری حوالے کے لیے شامل کر دیا گیا ہے۔

۱۔ رکن فاعلاتن کے زحافات

غالب کی غزلوں میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا رکن فاعلاتن ہے۔ یہ بحرِ رمل بحرِ مجتث اور بحرِ خفیف کا رکن ہے اور غالب کی غزلوں میں کل ۵۰۴۸ بار استعمال ہوا ہے۔ یہ اصل صورت میں کم اور مزاحف صورت میں بہت زیادہ آیا ہے۔

فاعلاتن کو کثیر زحافی رکن کیا جائے تو بالکل صحیح ہے۔ اس میں خفیف سا تغیر بھی ایک نئے یا مرکب زحاف کا باعث بن جاتا ہے۔ غزلیاتِ غالب میں اس رکن پر جن جن زحافات نے تصرف کیا ہے اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

مفرد زحاف

۱۔ حذف:۔

رکن کے آخری سبب خفیف کو نکال دینا۔ "فاعلاتن" سے "تن" کو نکال دیا تو "فاعلا" رہا۔ اسے خوش ادائیگی کے لیے "فاعلن" سے بدل لیتے ہیں اور بدلے ہوئے رکن کو محذوف کہتے ہیں

فاعلا [تن] ← فاعلا ← فاعلن

۲۔ خبن

رکن فاعلاتن کے پہلے سببِ خفیف کے ساکن حرف کو نکال دینا۔ "فاعلاتن" سے "فا" کا نکال دینے سے "فعلاتن" باقی رہا۔ اسے مخبون کہتے ہیں۔

ف [ا] علاتن ← فعلاتن

۳۔ قصر

رکن کے آخری سبب خفیف کے ساکن حرف کو گرا کر اس کے پہلے کے متحرک حرف

ساکن کرلینا۔" فاعلاتن" سے "ن" کو نکال دیا تو" فاعلات" باقی رہا۔ اس کی "ت" کو ساکن کرلینے
ے رکن" فاعلات" بن گیا۔ اسے خوش ادائیگی کے لیے" فاعلان" سے بدل لیتے ہیں اور بدلے ہوئے
رکن کو مقصور کہتے ہیں۔

فَاْعِلَاْتُ [نْ] ← فَاْعِلَاْتَ ←——— فَاْعِلَاْتْ ←——— فَاْعِلَاْن

۴۔ کف

رکن کے آخری سبب خفیف کے ساکن حرف کو نکال دینا۔ بچے ہوئے رکن کو مکفوف کہتے ہیں۔
فاعلاتن" سے "ن" نکال دیں تو" فاعلاتُ" بچا رہا۔ یہ مکفوف ہے۔

فَاْعِلَاْتُ [نْ] ← فَاْعِلَاْتُ

مرکب زحاف

۵۔ حذف و قطع

رکن" فاعلاتن" حذف کے تصرف سے" تن" گر کر" فاعلا" ہوا۔ اور" فاعلا" یہ قطع کے
تصرف سے مجموع" عِلَا" کا آخری حرف" الف" گرا دیا گیا تو" فَاعِلَ" باقی رہا۔ اس کے
آخری متحرک حرف" ل" کو ساکن کرنے سے" فَاعِلْ" بنا جسے خوش ادائیگی کے لیے ہم وزن" فَعْلُنْ"
سے بدل لیا گیا۔ اسے" محذوف مقطوع" کہتے ہیں۔

i۔ حذف: فَاْعِلَا [تُنْ] ←——— فَاْعِلَا
ii۔ قطع: فَاْعِلَ [اْ] ←——— فَاْعِلَ ← فَاْعِلْ ← ۔ فعلن

۵ (الف)۔ بتر" محذوف مقطوع" ہی کا دوسرا نام ہے۔ حذف و قطع کے اجتماع کو" ابتر" کہتے ہیں۔
۵ (ب)۔ خبن و حذف و تسکین:۔" محذوف مقطوع" ہی کا ایک اور نام ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ
یہاں" فاعلاتن" پہ تین زحاف تصرف کرتے ہیں لیکن مزاحف رکن وہی" فعلن" ہی حاصل ہوتا ہے۔
اسے مخبون محذوف مسکن کہتے ہیں۔

i۔ خبن۔ فَ [اْ] عِلَاْتُنْ ←——— فَعِلَاْتُنْ
ii۔ حذف۔ فَعِلَا [تُنْ] ←——— فَعِلَا ← فَعِلُنْ
iii۔ تسکین۔ فَعِلُنْ ←——— فَعْلُنْ

۶۔ بتر و تسبیغ

" فاعلاتن" محذوف مقطوع یا ابتر کی وجہ سے" فعلن" بنا۔ (دیکھیے نمبر ۵، ۵ الف اور ۵ ب)
اور اس بدلے ہوئے رکن کے آخری سببِ خفیف میں ساکن حرف" ن" سے پہلے" الف" کے اضافے
سے" فَعْلَان" بنا۔ اسے ابترِ مسبغ کہتے ہیں۔

i۔ بتر: فَاْعِلَاْتُنْ ←——— فَعْلُنْ
ii۔ تسبیغ: فَعْلُنْ ←——— فَعْلَ [اْ] نْ ← فَعْلَاْن

۶ (الف) خبن و تسکین و قصر: بتر و تسبیغ کا ہی دوسرا نام ہے۔ فرق اس قدر ہے کہ اس میں رکن
" فاعلاتن" پر تین زحاف یکے بعد دیگرے تصرف کرتے ہیں اور حاصل وہی" فَعْلَانْ" ہوتا ہے
اسے مخبون مسکن مقصور کہتے ہیں۔

i۔ خبن فَ [اْ] عِلَاْتُنْ ←——— فَعِلَاْتُنْ
ii۔ تسکین فَعِلَاْتُنْ ←——— فَعْلَاْتُنْ
iii۔ قصر فَعْلَاْتُ [نْ] ← فَعْلَاْتُ ←——— فَعْلَاْتْ ←——— فَعْلَاْنْ

۷۔ خبن و حذف

رکن فاعلاتن یہ خبن کے تصرف سے رکن" فَعِلَاْتُنْ" بن گیا اور فَعِلَاْتُنْ یہ حذف کے تصرف
سے" تن" گر کر حرف" فَعِلَاْ" باقی رہ گیا۔ اسے خوش ادائیگی کے لیے ہم وزن" فَعِلُنْ" سے بدل لیا
بدلے ہوئے رکن کو مخبون محذوف کہتے ہیں۔

i۔ خبن فَ [اْ] عِلَاْتُنْ ←——— فَعِلَاْتُنْ
ii۔ حذف فَعِلَا [تُنْ] ←——— فَعِلَاْ ←——— فَعِلُنْ

۸۔ خبن و قصر

رکن" فاعلاتن" خبن کے تصرف سے" فعلاتن" بنا اور قصر کی وجہ سے آخری سببِ خفیف
کی" ن" کو گرا کر متحرک" تُ" کو ساکن کر لیا گیا تو" فعلاتْ" ہوا۔ اسے خوش ادائیگی کی خاطر" فعلان"
سے بدل لیتے ہیں اور بدلے ہوئے رکن کو مخبون مقصور کہتے ہیں۔

i۔ خبن فَ [ا] عِلَاتُنْ ← فَعِلَاتُنْ
ii قصر فَعِلَاتُ [نْ] ← فَعِلَاتْ ← فَعِلَانْ

۹۔ شکل

خبن اور کف کے مل کر تصرّف کرنے کو "شکل" کہتے ہیں۔ اس میں پہلے رکن "فاعلاتن" خبن کی وجہ سے "فعلاتن" بنتا ہے اور پھر "فعلاتن" پر "کف" کے تصرف سے "فعلاتُ" کا زحاف بنتا ہے۔ بدلے ہوئے رکن کو مشکول کہتے ہیں۔

i۔ خبن۔ فَ [ا] عِلَاتُنْ ← فَعِلَاتُنْ
ii۔ کف۔ فَعِلَاتُ [نْ] ← فَعِلَاتُ

۱۰۔ تشعیث

فاعلاتن کے وتدِ مجموع "علا" کا درمیانی متحرک حرف "ل" گرا دیا تو "فاعاتن" باقی رہ گیا۔ اسے خوش ادائیگی کے خاطر ہم وزن "مفعولن" سے بدل لیتے ہیں۔ بدلے ہوئے رکن کو مشعث کہا جاتا ہے۔

فَاعِ [لَا] اتُنْ ← فَاعَاتُنْ ← مَفْعُوْلُنْ

۱۰ (الف) خبن و تسکین

مشعث کا ہی دوسرا نام ہے۔ فرق یہ ہے کہ یہاں وہی مزاحف رکن "مفعولن" دو زحافوں کے تصرف سے حاصل ہوتا ہے۔ فاعلاتن خبن کے اثر سے "فعلاتن" بنتا ہے اور تسکین کے اثر سے متحرک "ع" ساکن بن جاتی ہے۔ اب اس رکن یعنی "فَعْلَاتُنْ" کو ہم وزن "مَفْعُوْلُنْ" سے بدل لیتے ہیں اور بدلے ہوئے رکن کو مخبون مسکن کہتے ہیں۔

i۔ خبن فَ [ا] عِلَاتُنْ ← فَعِلَاتُنْ
ii۔ کف فَعِلَاتُنْ ← فَعْلَاتُنْ ← مفعولُنْ

رکن فاعلاتن کے زحافات ایک نظر میں

فَاعِلُنْ ۔ محذوف
فَعْلُنْ ۔ محذوف مقطوع / ابتر / مخبون محذوف مسکن

فَعِلَاتُنْ ۔ مخبون
فَاعِلَانْ ۔ مقصور
فَاعِلَاتُ ۔ مکفوف
فَعْلَانْ ۔ ابتر مسبغ / مخبون مسکن مقصور
فَعِلُنْ ۔ مخبون محذوف /
فَعِلَانْ ۔ مخبون مقصور
فَعِلَاتُ ۔ مشکول
مَفْعُوْلُنْ ۔ مخبون مسکن / مشعث

۲۔ رکن مفاعیلن کے زحافات

یہ رکن، بحرِ ہزج اور بحرِ مضارع میں آتا ہے۔ مفاعیلن زیادہ استعمال کے اعتبار سے غزلیات غالب کے دوسرے نمبر پر آتا ہے یعنی ۳۴۴۷ بار۔ زحافات کی تعداد کے لحاظ سے بھی اس رکن کا نمبر دوسرا ہے۔ سالم بحر میں کہی گئی غزلوں میں غالب کی سب سے زیادہ غزلیں اسی رکن میں (بحرِ ہزج ۴۲ غزلیں) ملتی ہیں۔ اس رکن میں جو زحافات آئے ہیں ان کی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔

مفرد زحاف

۱۔ تسبیغ

رکن مفاعیلن کے آخری سبب خفیف میں "الف" کا زیادہ کرنا جس سے رکن 'مفاعیلان' بن جاتا ہے۔ بدلے ہوئے رکن کو مسبغ کہتے ہیں۔

مَفَاعِیْلُنْ ← مَفَاعِیْلَ [ا] نْ ← مَفَاعِیْلَانْ

۲۔ حذف

رکن کے آخری سبب خفیف کو گرا دینا۔ مفاعیلن سے "لن" گرا دیا تو مفاعی باقی رہ گیا۔ اسے اس کے ہم وزن فعولن سے بدل لیتے ہیں۔ اور بدلے ہوئے رکن کو محذوف کہتے ہیں۔

مَفَاعِیْ [لُنْ] ← مَفَاعِیْ ← فَعُوْلُنْ

۳۔ خرم

رکن کے پہلے وتدِ مجموع یعنی مفا کے پہلے حرف کو نکال دینا جس سے مفاعیلن "فاعیلن" رہ

گیا۔ اس کو ہم وزن "مفعولن" سے بدل لیتے ہیں اور بدلے ہوئے رکن کو اخرم کہتے ہیں۔

مَ فَاعِیلُن ← فَاعِیلُن ← مَفعُولُن

۴۔ قصر

رکن کے آخر آنے والے سبب خفیف کے حرف ساکن کو گرا کر اس سے پہلے کے متحرک حرف کو ساکن کر لینے کو قصر کہتے ہیں۔ مفاعیلن کی نون کو گرا کر "ل" کو ساکن کر لینے سے مفاعیل بنا۔ اسے مقصور کہتے ہیں۔

مَفَاعِیلُ نْ ← مَفَاعِیلُ ← مَفَاعِیلْ

۵۔ قبض

رکن کے پانچویں حرفِ ساکن یعنی مفاعیلن سے "ی" کو نکال دیا تو "مفاعلن" باقی رہا۔ اسے مقبوض کہتے ہیں۔

مَفَاعِ یْ لُن ← مَفَاعِلُن

۶۔ کف

رکن کے ساتویں حرفِ ساکن کو گرا دینا۔ مفاعیلن سے "ن" گرا دی گئی تو مفاعیلُ باقی رہا۔ اسے مکفوف کہتے ہیں۔

مَفَاعِیلُ نْ ← مَفَاعِیلُ

مرکب زحاف

۱۔ بتر

خرم اور جب کے اجتماع کو کہتے ہیں۔ خرم کے اثر سے رکن مفاعیلن کی "م" گر گئی اور جب کی وجہ سے رکن کے دو آخری سبب خفیف گر گئے یعنی مفاعیلن پہلے فاعیلن ہوا اور پھر عیلن "فا" باقی رہ گیا تو اسے ابتر کہتے ہیں۔ "فا" کو "فع" سے بدل لیا۔

ا۔ خرم مَ فَاعِیلُن ← فَاعِیلُن

اا۔ جب فَا عِیلُن ← فَاْ ← فَع

۲۔ خرب

یہ خرم اور کف کے جمع ہونے کا نام ہے۔ خرم کے اثر سے مفاعیلن کی "م" گر گئی اور فاعیلن ز[...] رہا۔ کف کے اثر سے رکن کا آخری "ن" نکل گیا اور رکن "فاعیلُ" ہو گیا۔ اسے "مفعول" سے بد[...] لیتے ہیں۔ اور بدلے ہوئے رکن کو "اخرب" کہتے ہیں۔

ا۔ خرم مَ فَاعِیلُن ← فَاعِیلُن

اا۔ کف فَاعِیلُ نْ ← فَاعِیلُ ← مَفعُولُ

۳۔ شتر

خرم اور قبض کے اجتماع کو کہتے ہیں۔ خرم سے "مفاعیلن" کی "م" گر گئی اور قبض کی وجہ سے "ی" نکل گئی تو "فاعلن" باقی رہا۔ اسے اشتر کہتے ہیں۔

ا۔ خرم مَ فَاعِیلُن ← فَاعِیلُن

اا۔ قبض فَاعِ یْ لُن ← فَاعِلُن

رکن مفاعیلن کے زحافات ایک نظر میں

مَفَاعِیلَان ۔ مسبغ	مَفَاعِلُن ۔ مقبوض
فَعُولُن ۔ محذوف	مَفَاعِیلُ ۔ مکفوف
مَفعُولُن ۔ اخرم	فَع ۔ ابتر
مَفَاعِیلْ ۔ مقصور	مَفعُولُ ۔ اخرب
	فَاعِلُن ۔ اشتر

۳۔ رکن فاع لاتن کے زحافات

یہ رکن صرف بحر مضارع میں آیا ہے اور کل ۱۴۷۲ بار استعمال ہوا ہے۔ یہ کہیں بھی اصل صورت میں استعمال نہیں ہوا۔ اس کے زحافات حسبِ ذیل ہیں جو سب کے سب مفرد ہیں۔

۱۔ حذف

رکن کے آخری سببِ خفیف کا گرا دینا جس سے "فاع لاتن" صرف "فاع لا" ہو کر رہ گیا۔ اس کو فاع لن سے بدل لیتے ہیں اور بدلے ہوئے رکن کو محذوف کہتے ہیں۔

فَاعِ لَا [تُن] ← فَاعِلَا ، فَاعِ لُن

۲۔ قصر

رکن کے آخری حرف کو گرا کر اس سے پہلے کے متحرک حرف کو ساکن کر لیتے ہیں۔ فاع لاتن سے "ن" کو گرا کر "ت" کو ساکن کر لیا تو "فاع لات" باقی رہا۔ اسے مقصور کہتے ہیں۔

فَاعِ لَاتُ [نُ] ← فَاعِ لَاتْ ← فَاعِ لَاتْ

۳۔ کف

فاع لاتن کے ساتویں حرف کو گرا دینا جس سے رکن بدل کر فاع لاتُ رہ گیا۔ اسے مکفوف کہتے ہیں۔

فَاعِ لَاتُ [نُ] ← فَاعِ لاتُ

رکن فاع لاتن کے زحافات ایک نظر میں

فَاعِ لُن۔ محذوف   فَاعِ لَاتْ۔ مقصور   فَاعِ لَاتُ۔ مکفوف

۴۔ رکن مس تفع لن کے زحافات

یہ رکن بحرِ مجتث اور بحر خفیف میں آیا ہے اور کل ۲۸ بار استعمال ہوا ہے۔ غزلیاتِ غالب میں اس کے دو ہی زحافات آتے ہیں۔

۱۔ تسبیغ

رکن کے آخری سبب خفیف میں ایک "الف" کا اضافہ کرنا جس سے رکن "مس تفع لان"

سے بدل جاتا ہے اسے مسبغ کہتے ہیں۔ متصل رکن میں ایسی زحاف کو مذال کہتے ہیں۔

مس تفع ل [ا] ن ← مس تفع لان

۲۔ خبن

رکن کے پہلے سبب خفیف یعنی "مس" سے ساکن حرف 'س' کو نکال دینا جس سے رکن 'متفع لن' رہ گیا۔ اس کو ہم وزن 'مفاعلن' سے بدل لیتے ہیں اور بدلے ہوئے رکن کو مخبون کہتے ہیں۔

مُ [سْ] تَفْعِ لُنْ ← مُتَفْعِ لُنْ ← مَفَاعِلُنْ

رکن مس تفع لن کے زحافات ایک نظر میں

مُس تَفْعِ لَانْ ۔ مسبغ   مَفَاعِلُنْ ۔ مخبون

۵۔ رکن مستفعلن کے زحافات

مستفعلن، بحرِ رجز، بحرِ منسرح اور بحرِ مقتضب کا رکن ہے اور غزلیات غالب میں کل ۱۵۶ بار استعمال ہوا ہے۔ اس میں حسب ذیل زحافات آتے ہیں۔

مفرد زحاف

۱۔ اذالہ

رکن کے آخری وتد مجموع 'علن' میں ایک الف کا اضافہ کرنا جس سے رکن 'مستفعلان' بن جاتا ہے۔ اس کو مذال کہتے ہیں۔ منفصل رکن میں یہی زحاف مسبغ کہلاتا ہے۔

مستفعِل [ا] ن ← مستفعلان

۲۔ خبن

رکن کے پہلے سببِ خفیف کے ساکن حرف 'س' کو گرا دیا تو 'متفعلن' باقی رہا۔ اسے خوش ادائیگی کے لیے ہم وزن 'مفاعلن' سے بدل لیا۔ اسے مخبون کہتے ہیں۔

مُ [سْ] تَفْعِلُنْ ← مُتَفْعِلُنْ ← مَفَاعِلُنْ

۳- قطع

رکن مستفعلن کے آخری وتد مجموع یعنی علن کے 'ن' کو گرا کر 'ل' کو ساکن کر لیا تو مستفعل باقی رہا۔ اسے خوش ادائیگی کے لیے مفعولن سے بدل لیا۔ اس بدلے ہوئے رکن کو مقطوع کہتے ہیں۔

مُسْتَفْعِلُ [ن] ← مُسْتَفْعِلْ ← مُسْتَفْعِلْ ← مَفْعُوْلُنْ

۴- طے

رکن مستفعلن سے دوسرے سبب خفیف یعنی 'تف' کے ساکن حرف 'ف' کو نکال دیا تو مستعلن باقی رہا۔ اسے خوش ادائیگی کی خاطر مفتعلن سے بدل لیا۔ بدلے ہوئے رکن کو مطوی کہتے ہیں۔

مُسْتَ [ف] عِلُنْ ← مُسْتَعِلُنْ ← مُفْتَعِلُنْ

مرکب زحاف

۵- خبن واذالہ

مستفعلن خبن کے اثر سے 'س' کھو کر متفعلن بنا اور اذالہ کے اثر سے وتد مجموع 'علن' میں الف کا اضافہ ہوا اور وہ علان بن گیا۔ بدلا ہوا رکن 'متفعلان' خوش ادائیگی کے لیے ہم وزن مفاعلان سے بدل لیا گیا۔ اسے مخبون مذال کہتے ہیں۔

i- خبن مُ [سْ] تفعِلُن ← مُتَفْعِلُنْ

ii- اذالہ مُتَفْعِلَ [ا] ن ← مُتَفْعِلَانْ ← مَفَاعِلَانْ

مستفعلن کے زحافات ایک نظر میں

مُسْتَفْعِلَانْ -	مذال	مُفْتَعِلُنْ -	مطوی
مَفَاعِلُنْ -	مخبون	مَفَاعِلَانْ -	مخبون مذال
مَفْعُوْلُنْ -	مقطوع		

۶- رکن مفعولات کے زحافات

یہ بحر مقتضب اور بحر منسرح کا رکن ہے۔ بحر مقتضب میں غالب کی تین غزلیں ہیں اور منسرح میں ایک۔ یہ رکن صرف مزاحف آیا ہے اور کل ۱۰۰ بار۔ اس کے زحافات حسب ذیل ہیں۔

۱- طے

رکن کے دوسرے سبب خفیف کے حرف ساکن یعنی 'و' کو گرا دینا جس سے مفعلات بچا۔ اسے بہتر ادائیگی کے لیے فاعلات سے بدل لیا۔ یہ مطوی ہے۔

مفرد زحاف

مَفْعُ [وْ] لَاتُ ← مَفْعُلَاتُ ← فَاعِلَاتُ

مرکب زحاف

۲- جدع ونحر

جدع کی وجہ سے مفعولات کے پہلے دو سبب خفیف یعنی 'مفعو' گرا دیے گئے اور 'تُ' ساکن بنا دی گئی۔ اب 'لاتْ' یہ نحر کے تصرف سے لا کی 'الف' گرا دیا گیا جس سے 'لَتْ' بچا۔ اسے خوش ادائیگی کے لیے فع سے بدل لیتے ہیں۔ بدلے ہوئے رکن کو منحور کہا جاتا ہے

جدع: [مَفْعُوْ] لَاتُ ← لَاتُ ← لَاتْ

نحر: لَ [ا] تْ ← لَتْ ← فَعْ

رکن مفعولات کے زحافات ایک نظر میں

فَاعِلَاتُ - مطوی　　فَعْ - مجدوع منحور

۷- رکن فعولن کے زحافات

یہ بحر متقارب کا رکن ہے۔ اس میں غالب کی صرف تین غزلیں ملتی ہیں۔ یہ رکن صرف سالم

استعمال ہوا ہے اور تمام غزلیات میں صرف ۹۶ بار آیا ہے۔ یہاں غزلیات غالب کی
بحروں میں جس قدر زحافات کے لیے ہیں ان ہی کا ذکر کیا گیا ہے۔

بحر کا تعین

کسی شعر یا غزل کی بحر کی تعین، بحروں اور زحافات کی مکمل آگاہی پر منحصر ہے۔ بحر کی جستجو
رنے والا اگر بحروں اور متعلقہ زحافات سے مانوس نہ ہو تو شعر کی بحر کا تعین قریب قریب ناممکن
ہے۔ بحروں اور زحافات سے بھرپور واقفیت اس وقت ممکن ہے جب انھیں مسلسل برتا جائے۔
م از کم مختلف اوزان کی گونج کا ذہن میں محفوظ رہنا بہت ضروری ہے۔

کسی شعر کی بحر کا تعین کرنے کا ایک ہی آزمودہ اور عملی طریقہ یہ ہے کہ شعر کے الفاظ سے
واذن طور پر ممکنہ اوزان یکے بعد دیگرے گنگناتے جائیں۔ اس گنگناہٹ کے دوران کہیں نہ کہیں
لفاظ کسی وزن کی گرفت میں آجاتے ہیں۔ ایک بار یہ احتمال قوی ہوگیا تو پھر اس وزن کی اصل بحر
شعر کو آزمایا جا سکتا ہے۔ پھر باقاعدہ تقطیع کر کے دیکھا جا سکتا ہے کہ جو وزن گنگنانے کے
وران شعر کے الفاظ سے مطابقت پیدا کر رہا تھا وہ کس مخصوص بحر کا رکن ہے اور آیا وہ شعر اسی
ر میں کہا گیا ہے۔ اس کے بعد تمام زحافات کی نشان دہی کی جا سکتی ہے اور شعر کی بحر کا تعین
یا جا سکتا ہے۔

بحر کا تعین اور زحافات کی نشان دہی ہونے کے بعد غزل یا شعر کی بحر کو پوری تفصیل سے
ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس کی ترتیب یہ ہے۔

۱۔ بحر کا نام
۲۔ بحر کے اصلی ارکان
۳۔ بحر کے ارکان کی تعداد کے اعتبار سے مثمن ہے یا مسدس۔
۴۔ یکے بعد دیگرے زحافات جس ترتیب سے آتے ہوں ان کا ذکر۔
۵۔ اگر زحافات نہ آتے ہوں تو سالم ہونے کا ذکر۔

جیسے بحر رمل۔ اصل ارکان فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن شعر میں دو بار

(۱) غزل کی بحر: بحرِ رمل مثمن محذوف یا مقصور
(۲) غزل کی بحر: بحرِ ہزج یا مثمن سالم

اگر حرف کسی شعر کی بحر کی نشان دہی کرنی ہے تو صرف اس میں آئے ہوئے زحافات
ذکر کرنا کافی ہے۔ لیکن اگر پوری غزل کی بحر کی نشاندہی کرنی ہے تو غزل میں آئے ہوئے تما
زحافات کا ترتیب کے ساتھ ذکر کرنا ضروری ہے

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحر رمل: اصل ارکان۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ ایک شعر میں دوبار

زحاف

قصر	حذف
مقصور	محذوف
فاعِلَانْ	فاعِلُنْ

غزل کی بحر

بحر رمل مثمن۔ محذوف یا مقصور

ش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا　　کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

دِ کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ　　صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ر بہ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے　　سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا

علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے　　مدعا عنقا ہے اپنے عالم تقریر کا

علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

س کہ ہوں غالب اسیری میں بھی آتش زیرپا　　موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا

علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحر ہزج　　اصل ارکان　　مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن ایک شعر میں د

زحاف

کوئی نہیں

غزل کی بحر

بحر ہزج مثمن سالم

جراحت تحفہ الماس ارمغاں داغ جگر ہدیہ　　مبارک باد اسدؔ غم خوارِ جانِ دردمند

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن　　مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعی

لیتا ہوں مکتب غم دل میں سبق ہنوز　　لیکن یہی کہ رفت گیا اور بو

مفعول فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لان　　مفعولُ فاع لاتُ مفاعیل فاع

ڈھانپا کفن نے داغ عیوب برہنگی　　میں ورنہ ہر لباس میں ننگ وجو

مفعولُ فاع لات مفاعیل فاعلن　　مفعولُ فاع لات مفاعیل فا

تیشہ بغیر مر نہ سکا کوہ کن اسد　　سرگشتۂ خمار رسوم و قیود

مفعولُ فاع لاتُ مفاعیل فاعلن　　مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع

بحر

مرکب ہے۔ بحر مضارع: اصلی ارکان مفاعیلن۔ فاع لاتن مفاعیلن۔ فاع لاتن۔ ایک شعر میں دو بار

زحافاتِ مفاعیلن　　زحافاتِ فاع لاتن

خرب	کف	حذف	کف	قصر
اخرب	مکفوف	محذوف	مکفوف	مقصور
مفعولُ	مفاعیلُ	فاعلن	فاع لاتُ	فاعِ لانْ

غزل کی بحر

بحر مضارع مثمن اخرب، مکفوف، محذوف یا مقصور

قیس اور کوئی نہ آیا بروئے کار　　صحرا مگر بہ تنگی چشم حسود تھا

مفعول فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لان　　مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاعلن

فتگی نے نقش سویدا کیا درست　　ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دود تھا

ول فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لان　　مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاعلن

ا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ　　جب آنکھ کھل گئی نہ زیاں تھا نہ سود تھا

ولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاعلن　　مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاعلن

بحر

بحر مرکب ہے۔ بحر مقتضب: اصل ارکان، مفعولاتُ، مستفعلن، مفعولاتُ، مستفعلن۔ ایک شعر میں دو بار

زحاف

طے قطع قطع و تسبیغ

مطوی	مقطوع	مقطوع مسبغ
فَاعِلَاتُ	مَفْعُوْلُنْ	مَفْعُوْلَانْ

غزل کی بحر

بحر مقتضب مثمن، مطوی، مقطوع، مقطوع مسبغ

لیتے ہو نہ دیں گے ہم دل اگر پڑا پایا — دل کہاں کہ گم کیجیے ہم نے مدعا پایا
علاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعولن — فاعلاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعولن

شق سے طبیعت نے زیست کا مزہ پایا — درد کی دوا پائی دردِ لا دوا پایا
علاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعولن — فاعلاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعولن

ست دارِ دشمن ہے اعتمادِ دل معلوم — آہ بے اثر دیکھی نالہ نارسا پایا
علاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعولَان — فاعلاتُ مفعولن فاعلات مفعولن

ادگی و پرکاری بے خودی و ہشیاری — حسن کو تغافل میں جرأت آزما پایا
علاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعولن — فاعلاتُ مفعولن فاعلات مفعولن

غنچہ پھر لگا کھلنے آج ہم نے اپنا دل — خوں کیا ہوا دیکھا گم کیا ہوا
فاعلاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعولن — فاعلاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعو

حالِ دل نہیں معلوم لیکن اس قدر یعنے — ہم نے بارہا ڈھونڈا تم نے بار
فاعلاتُ مفعولان فاعلاتُ مفعولن — فاعلاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعو

شورِ پندِ ناصح نے زخم پر نمک چھڑکا — آپ سے کوئی پوچھے تم نے کیا مز
فاعلاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعولن — فاعلاتُ مفعولن فاعلاتُ مفعول

(۵)

بحر

بحر مفرد ہے بحرِ رمل اصلی ارکان فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن شعر میں دو بار

زحاف

حذف	قصر
محذوف	مقصور
فاعلن	فاعلان

غزل کی بحر

بحرِ رمل مثمن محذوف یا مقصور

ل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا　　آتشِ خاموش کی مانند گویا جل گیا

لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ل میں ذوقِ وصل و یادِ یار تک باقی نہیں　　آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا

لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ں عدم سے بھی پرے ہوں ورنہ غافل بارہا　　میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا

لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

رض کیجے جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں　　کچھ خیال آیا تھا وحشت کا کہ صحرا جل گیا

لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ں نہیں تجھ کو دکھاتا ورنہ داغوں کی بہار　　اِس چراغاں کا کروں کیا کارفرما جل گیا

لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ں ہوں و افسردگی کی آرزو غالبؔ کہ دل　　دیکھ کر طرزِ تپاکِ اہلِ دُنیا جل گیا

لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن　　فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحرِ رمل اصلی ارکان۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ شعر میں دو

زحاف

خبن	خبن و قصر	حذف و قطع یا بتر
مخبون	مخبون مقصور	محذوف مقطوع یا ابتر
فَعِلاتُن	فَعِلان	فَعْلُن

غزل کی بحر

بحرِ رمل مثمن مخبون، محذوف مقطوع یا ابتر، مخبون مقصور

شوق ہر رنگ رقیبِ سروساماں نکلا　　قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں

فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْلُن　　فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْ

زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی یارب　　تیر بھی سینۂ بسمل سے پَرافشاں نـ

فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْلُن　　فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْ

بوئے گل نالۂ دل دودِ چراغِ محفل　　جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں

فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْلُن　　فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْ

دلِ حسرت زدہ تھا مائدۂ لذّتِ درد　　کام یاروں کا بقدرِ لب و دنداں

فَعِلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعِلان　　فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْ

اے نو آموزِ فنا ہمّتِ دشوار پسند　　سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں

فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعِلان　　فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْ

دل میں پھر گریہ نے اک شور اٹھایا غالبؔ　　آہ جو قطرہ نہ نکلا تھا سو طوفاں نکـ

فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْلُن　　فاعلاتن فَعِلاتن فَعِلاتن فَعْ

بحر

بحر مرکب ہے بحر مضارع ۔ اصلی ارکان مفاعیلن فاع لاتن مفاعیلن فاع لاتن شعر میں دو بار

زحافاتِ مفاعیلن

خرب — اخرب — مفعولُ

کف — مکفوف — مَفَاعیلُ

زحافات فاع لاتن

حذف — محذوف — فاعِلُن

کف — مکفوف — فاعِلاتُ

غزل کی بحر

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف

ھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا — عشق نبرد پیشہ طلبگار مرد تھا

فعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن — مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن

تھا زندگی میں موت کا کھٹکا لگا ہوا — اُڑنے سے پیشتر بھی مرا رنگ زرد تھا

فعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن — مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن

لیفِ نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں — مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا

عولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن — مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن

ل تا جگر کہ ساحلِ دریائے خوں ہے اب — اس رہگزر میں جلوۂ گل آگے گرد تھا

عولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن — مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن

اقی ہے کوئی کشمکشِ اندوہِ عشق کی — دل بھی اگر گیا تو وہی دل کا درد تھا

عولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن — مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن

یاب چارہ سازیِ وحشت نہ کر سکے — زنداں میں بھی خیال بیاباں نورد تھا

عولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن — مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن

لاشِ بے کفن اسدِ خستہ جاں کی ہے — حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

عولُ مفاعیلُ فاع لن — مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاع لن

بحر

بحر مفرد ہے بحر ہزج ۔ اصلی ارکان ۔ مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن شعر میں د

زحاف

کوئی نہیں

غزل کی بحر

بحر ہزج مثمن سالم

شمارِ سبحہ مرغوبِ بتِ مشکل پسند آیا — تماشائے بیک کف بردنِ صد دل پسن

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن — مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیل

بہ فیضِ بے دلی نومیدیٔ جاوید آساں ہے — کشاکش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آ

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن — مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیل

ہوائے سیرِ گل آئینۂ بے مہریٔ قاتل — کہ اندازِ بخوں غلطیدنِ بسمل پسند آ

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن — مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیل

بحر

حر مفرد ہے۔ بحر رمل ۔ اصلی ارکان ۔ فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن شعر میں دو بار

زحاف

حذف و قطع یا بتر	خبن و حذف	خبن
محذوف مقطوع یا ابتر	مخبون محذوف	مخبون
فَعْلُن	فَعِلُن	فَعِلاتُن

غزل کی بحر

بحر رمل مثمن مخبون ۔ مخبون محذوف ۔ محذوف مقطوع یا ابتر

ہر میں نقشِ وفا وجہ تسلّی نہ ہوا ۔ ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا

علاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فِعْلُن ۔ فاعلاتن فَعِلاتُن فَعِلاتن فِعْلُن

بزۂ خط سے ترا کاکل سرکش نہ دبا ۔ یہ زمرّد بھی حریفِ دمِ افعی نہ ہوا

علاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فِعْلُن ۔ فاعلاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فِعْلُن

ں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں ۔ وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا

علاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فِعْلُن ۔ فاعلاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فِعْلُن

ل گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر ہی سہی ۔ گر نفس جادۂ سرمنزلِ تقویٰ نہ ہوا

علاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فَعْلُن ۔ فاعلاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فِعْلُن

وں ترے وعدہ نہ کرنے پہ بھی راضی کہ کبھی ۔ گوش منّت کشِ گل بانگِ تسلّی نہ ہوا

لاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فِعْلُن ۔ فاعلاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فِعْلُن

ں سے محرومیٔ قسمت کی شکایت کیجیے ۔ ہم نے چاہا تھا کہ مر جائیں سو وہ بھی نہ ہوا

لاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فَعْلُن ۔ فاعلاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فَعْلُن

یا صدمۂ ایک جنبشِ لب سے غالبؔ ۔ ناتوانی سے حریفِ دمِ عیسیٰ نہ ہوا

لاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فَعْلُن ۔ فاعلاتن فَعِلاتُن فَعِلاتُن فَعْلُن

نام کا ہے میرے وہ دکھ جو کسی کو نہ ملا ۔ کام میں میرے ہے وہ فتنہ کہ برپا نہ ہو

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فِعْلُن ۔ فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فِعْل

ہر بنِ مو سے دمِ ذکر نہ ٹپکے خوں ناب ۔ حمزہ کا قصہ ہوا عشق کا چرچا نہ ہو

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعِلان ۔ فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فِعْل

قطرے میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جزو میں کُل ۔ کھیل لڑکوں کا ہوا دیدۂ بینا نہ ہو

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعِلُن ۔ فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فِعْل

تھی خبر گرم کہ غالب کے اڑیں گے پرزے ۔ دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشا نہ ہو

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعْلُن ۔ فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فِعْل

بحر

حر مفرد ـــ ہے بحر ہزج ۔ اصلی ارکان ۔ مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن شعر میں دوبار

زحاف

کوئی نہیں

غزل کی بحر

بحر ہزج مثمن سالم

تائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغ رضواں کا
اعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
وہ اک گلدستہ ہے ہم بے خودوں کے طاق نسیاں کا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

یاں کیا کیجئے بیداد کاوش ہائے مژگاں کا
عیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
کہ ہر اک قطرۂ خوں دانہ ہے تسبیح مرجاں کا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

آئی سطوتِ قاتل بھی مانع میرے نالوں کو
اعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
لیا دانتوں میں جو تنکا ہوا ریشہ نیستاں کا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

کھاؤں گا تماشا دی اگر فرصت زمانے نے
عیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
مرا ہر داغِ دل اک تخم ہے سروِ چراغاں کا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

ا آئینہ خانے کا وہ نقشہ تیرے جلوے نے
اعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
کرے جو پرتوِ خورشیدِ عالم شبنمستاں کا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

ری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی
عیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
ہیولیٰ برق خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

اگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ ویرانی تماشا کر
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے در
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفا

خموشی میں نہاں خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
چراغِ مردہ ہوں میں بے زباں گورِ غریبا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفا

ہنوز اک پرتوِ نقشِ خیالِ یار باقی ہے
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
دلِ افسردہ گویا حجرہ ہے یوسف کے زندا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفا

بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں ورنہ
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
سبب کیا خواب میں آ کر تبسم ہائے پنہا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفا

نہیں معلوم کس کس کا لہو پانی ہوا ہوگا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
قیامت ہے سرشک آلودہ ہونا تیری مژ
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفا

نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا غالب
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن
کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفا

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحر ہزج۔ اصل ارکان۔ مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن شعر میں دوبار

زحاف

کوئی نہیں

غزل کی بحر

بحر ہزج مثمن سالم

نہ ہوگا یک بیاباں ماندگی سے ذوق کم میرا   حباب موجۂ رفتار ہے نقشِ قدم میرا
فاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن   مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

بت تھی چمن سے لیکن اب یہ بے دماغی ہے   کہ موجِ بوئے گل سے ناک میں آتا ہے دم میرا
فاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن   مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحر ہزج۔ مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن شعر میں دو

زحاف

کوئی نہیں

غزل کی بحر

بحر ہزج مثمن سالم

سراپا رہنِ عشق و ناگزیرِ الفتِ ہستی   عبادت برق کی کرتا ہوں اور افسوس حا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن   مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاع

بقدرِ ظرف ہے ساقی خمارِ تشنہ کامی بھی   جو تو دریائے مے ہے تو میں خمیازہ ہوں سا
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن   مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاع

(۱۳)

بحر

ر مرکب ہے۔ بحرِ مضارع : اصلی ارکان۔ مفاعیلن۔ فاع لاتن۔ مفاعیلن۔ فاع لاتن شعر میں دوبار

زحافاتِ مفاعیلن

خرب	کف
اخرب	مکفوف
مفعُولُ	مَفَاعِیلُ

زحافاتِ فاع لاتن

حذف	کف	قصر
محذوف	مکفوف	مقصور
فَاْعِ لُنْ	فَاْعِ لَاْتُ	فَاْعِ لَاْنْ

غزل کی بحر

بحرِ مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف یا مقصور

رم نہیں ہے تو ہی نواہائے راز کا — یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا
ول فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن — مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن

لِ شکستہ صبح بہارِ نظارہ ہے — یہ وقت ہے شگفتنِ گلہائے ناز کا
ول فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن — مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن

اور سوئے غیر نظرہائے تیز تیز — میں اور دکھ تری مژہ ہائے دراز کا
ول فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لان — مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن

رف ہے ضبطِ آہ میں میرا وگرنہ میں — طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا
ول فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن — مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن

ہیں بس کہ جوشِ بادہ سے شیشے اچھل رہے — ہر گوشۂ بساط ہے سر شیشہ باز
مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن — مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ ل

کاوش کا دل کرے ہے تقاضہ کہ ہے ہنوز — ناخن پہ قرض اس گرہِ نیم باز
مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لان — مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ ل

تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں ہوا اسدؔ — سینہ کہ تھا دفینہ گہرہائے راز
مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن — مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ

بحر

بحر مفرد ہے بحرِ رمل ۔ اصلی ارکان ۔ فاعلاتن ، فاعلاتن ، فاعلاتن ، فاعلاتن ، شعر میں دوبار

زحاف

حذف — قصر

مخذوف — مقصور

فَاعِلُنْ — فَاعِلَانْ

غزل کی بحر

بحرِ رمل مثمن مخذوف یا مقصور

زمِ شاہنشاہ میں اشعار کا دفتر کھُلا

اعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

رکھیو یارب یہ درِ گنجینۂ گوہر کھُلا

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ب ہوئی پھر انجمِ رخشندہ کا منظر کھُلا

اعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

اس تکلّف سے کہ گویا بتکدے کا در کھُلا

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

رچہ ہوں دیوانہ پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب

اعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان

آستیں میں دشنہ پنہاں ہاتھ میں نشتر کھُلا

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

نہ سمجھوں اس کی باتیں گو نہ پاؤں اس کا بھید

علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان

پر یہ کیا کم ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھُلا

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ے خیالِ حُسن میں حُسنِ عمل کا سا خیال

علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان

خلد کا اک در ہے میری گور کے اندر کھُلا

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان

مُنہ نہ کھلنے پر ہے وہ عالم کہ دیکھا ہی نہیں

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

زُلف سے بڑھ کر نقاب اس شوخ کے مُنہ پر

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فا

در پہ رہنے کو کہا اور کہہ کے کیسا پھر گیا

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

جتنے عرصے میں مرا لپٹا ہوا بستر کُ

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فا

کیوں اندھیری ہے شبِ غم ہے بلاؤں کا نزول

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان

آج اُدھر ہی کو رہے گا دیدۂ اختر کُ

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فا

کیا رہوں غربت میں خوش جب ہو حوادث کا یہ حال

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان

نامہ لاتا ہے وطن سے نامہ بر اکثر کُ

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فا

اس کی اُمت میں ہوں میں میرے رہیں کیوں کام بند

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان

واسطے جس شہ کے غالبؔ گنبدِ بے در

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فا

(۱۵)

بحر

بحر مفرد ہے بحرِ رمل۔ اصلی ارکان فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، ایک شعر میں دو بار

زحاف

حذف — محذوف — فَاعِلُنْ

قصر — مقصور — فَاعِلَانْ

غزل کی بحر

بحر رمل مثمن محذوف یا مقصور

...ب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا — شعلۂ جوّالہ ہر اک حلقۂ گرداب تھا
...علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

...ں کرم کو عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام — گریے سے یاں پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا
...لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

...ں خود آرائی کو تھا موتی پرونے کا خیال — یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا
...لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

...وۂ گُل نے کیا تھا واں چراغاں آب جو — یاں رواں مژگانِ چشمِ تر سے خونِ ناب تھا
...لاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن — فاعلاتن فاعلاتن فاعلان فاعلن

یاں سرِ پُرشور بے خوابی سے تھا دیوار جو — واں وہ فرقِ ناز محوِ بالشِ کم خواب تھ...
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعـ...

یاں نفس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بے خودی — جلوۂ گُل واں بساطِ صحبتِ احباب...
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فا...

فرش سے تا عرش واں طوفاں تھا موجِ رنگ کا — یاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب...
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعل...

ناگہاں اس رنگ سے خوں نابہ ٹپکانے لگا — دل کہ ذوقِ کاوشِ ناخن سے لذت یاب...
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعل...

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحر رمل۔ اصلی ارکان فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، شعر میں دوبار

زحاف

حذف

محذوف

فَاعِلُنْ

غزل کی بحر

بحرِ رمل مثمن محذوف

ئدل میں شب اندازِ اثر نایاب تھا   تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر گو بے تاب تھا
علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

قدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے   خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا
علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

زشِ ایامِ خاکستر نشینی کیا کہوں   پہلوئے اندیشہ وقفِ بسترِ سنجاب تھا
علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ھ نہ کی اپنے جنونِ نارسانے ورنہ یاں   ذرہ ذرہ روکشِ خورشیدِ عالم تاب تھا
علاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے   کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب ت
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعل

یاد کر وہ دن کہ ہر اک حلقہ تیرے دام کا   انتظارِ صید میں اک دیدۂ بے خواب ت
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعل

میں نے روکا رات غالبؔ کو وگرنہ دیکھتے   اس کے سیلِ گریہ میں گردوں کفِ سیلاب ت
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعل

بحر

...مرکب ہے۔ بحرِ مضارع۔ اصلی ارکان مفاعیلن، فاع لاتن، مفاعیلن، فاع لاتن، شعر میں دوبار

...حافاتِ مفاعیلن زحافاتِ فاع لاتن

...خرب	کف	حذف	کف	قصر
...اخرب	مکفوف	محذوف	مکفوف	مقصور
مَفْعُوْلُ	مَفَاْعِیْلُ	فَاْعِ لُنْ	فَاْعِ لَاْتُ	فَاْعِ لَاْنْ

غزل کی بحر

بحرِ مضارع مثمن، اخرب، مکفوف، محذوف یا مقصور

...ایک قطرے کا مجھے دینا پڑا حساب خونِ جگر ودیعتِ مژگانِ یار تھا
...فعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لان مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن
...ب میں ہوں اور ماتمِ یک شہرِ آرزو توڑا جو تو نے آئینہ تمثال دار تھا
...فعولُ فاعِ لات مفاعیلُ فاعِ لُن مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن
...لیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو کہ میں جاں دادۂ ہوائے سرِ رہ گزار تھا
...فعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن
...وجِ سرابِ دشتِ وفا کا نہ پوچھ حال ہر ذرّہ مثلِ جوہرِ تیغ آب دار تھا
...فعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لان مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن
...لم جانتے تھے ہم بھی غمِ عشق کو اسدؔ دیکھا تو کم ہوئے پہ غمِ روزگار تھا
...فعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن مفعولُ فاعِ لاتُ مفاعیلُ فاعِ لُن

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحرِ رمل۔ اصلی ارکان فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، شعر میں دوبار

زحاف

خبن	حذف و قطع یا بتر	خبن و تسکین و قصر	خبن و قصر
مخبون	محذوف مقطوع یا ابتر	مخبون مسکن مقصور	مخبون مقصور
فَعِلَاْتُنْ	فَعْلُنْ	فَعْلَاْنْ	فَعِلَاْنْ

غزل کی بحر

بحرِ رمل مثمن مخبون محذوف مقطوع یا ابتر مخبون مسکن مقصور مخبون مقصور

بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا آدمی کو بھی میسّر نہیں انساں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعْلُن فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن
گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعْلُن فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن
وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مجھ کو آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعْلُن فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن
جلوہ از بس کہ تقاضائے نگہ کرتا ہے جوہرِ آئینہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلان فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنّائے نشاط   تو ہو اور آپ بصد رنگ گلستاں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعِلان   فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعلُن

عشرتِ پارۂ دل زخمِ تمنّا کھانا   لذّتِ ریشِ جگر غرقِ نمک داں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعلُن   فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعلُن

کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ   ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعلُن   فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعلُن

حیف اس چار گرہ کپڑے کی قسمت غالبؔ   جس کی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں ہونا
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعلُن   فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فَعلُن

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحر رمل۔ اصلی ارکان فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، شعر میں دو بار

زحاف

حذف   قصر

محذوف   مقصور

فَاعِلُنْ   فَاعِلَانْ

غزل کی بحر

بحر رمل مثمن محذوف یا مقصور

شب خمارِ شوقِ ساقی رستخیز اندازہ تھا   تا محیطِ بادہ صورت خانۂ خمیازہ تھا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

یک قدم وحشت سے درسِ دفترِ امکاں کھلا   جادہ اجزائے دو عالم دشت کا شیرازہ تھا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

مانعِ وحشت خرامی ہائے لیلیٰ کون ہے   خانۂ مجنونِ صحرا گرد بے دروازہ تھا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

پوچھ مت رسوائیِ اندازِ استغنائے حسن   دست مرہونِ حنا، رخسار رہنِ غازہ تھا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

نالۂ دل نے دیئے اوراقِ لختِ دل بہ باد   یادگارِ نالہ اک دیوانِ بے شیرازہ تھا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان   فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بحر

بحر مفرد ہے بحر رمل۔ اصلی ارکان فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن شعر میں دو بار

زحاف

حذف — محذوف — فَاعِلُنْ

قصر — مقصور — فَاعِلَانْ

غزل کی بحر

بحر رمل مثمن محذوف یا مقصور

دوست غم خواری میں میری سعی فرمائیں گے کیا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ آئیں گے کیا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بے نیازی حد سے گزری بندہ پرور کب تلک
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرمائیں گے کیا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

حضرتِ ناصح گر آویں دیدہ و دل فرشِ راہ
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلان
کوئی مجھ کو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھائیں گے کیا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

آج واں تیغ و کفن باندھے ہوئے جاتا ہوں میں
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لائیں گے کیا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

گر کیا ناصح نے ہم کو قید اچھا یوں سہی
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جائیں گے کیا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

خانہ زادِ زلف ہیں زنجیر سے بھاگیں گے کیوں
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
ہیں گرفتارِ وفا زنداں سے گھبرائیں گے کیا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ہے اب اس معمورہ میں قحطِ غمِ الفت اسدؔ
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
ہم نے یہ مانا کہ دلّی میں رہیں کھائیں گے کیا
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بحر

بحر مفرد ہے۔ بحر رمل: اصلی ارکان۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ شعر میں آٹھ بار

زحاف

شکل

مشکول

فَعِلَاتُ

غزل کی بحر

بحر رمل مثمن مشکول

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
فَعِلَاتُ فاعلاتن فَعِلَاتُ فاعلاتن
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا
فَعِلَاتُ فاعلاتن فَعِلَاتُ فاعلاتن

ترے وعدے پر جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
فَعِلَاتُ فاعلاتن فَعِلَاتُ فاعلاتن
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا
فَعِلَاتُ فاعلاتن فَعِلَاتُ فاعلاتن

تری نازکی سے جانا کہ بندھا تھا عہد بودا
فَعِلَاتُ فاعلاتن فَعِلَاتُ فاعلاتن
کبھی تو نہ توڑ سکتا اگر استوار ہوتا
فَعِلَاتُ فاعلاتن فَعِلَاتُ فاعلاتن

ئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو — یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا
لاتُ فاعلاتن فَعِلاتُ فاعلاتن — فَعِلاتُ فاعلاتن فَعِلاتُ فاعلاتن

ہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح — کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غم گسار ہوتا
لاتُ فاعلاتن فَعِلاتُ فاعلاتن — فَعِلاتُ فاعلاتن فَعِلاتُ فاعلاتن

سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا — جسے غم سمجھ رہے ہو اگر یہ شرار ہوتا
